we do not follow due process, we do not care about principles of good governance, we do not care about accountability of decision makers and there is no appetite for due process adherence to policies and law. We want to do things in a discretionary manner and to us politics is supreme.

جناب چیئرمین: میڈم Motion چل رہا ہے، اکرم صاحب Motion پر بات کرنا چاہ رہے ہیں؟

**Senator Muhammad Akram**

سینیٹر محمد اکرم: جناب چیئرمین! اس Motion پر بات کرنے کا میرا مقصد یہ ہے کہ پاکستان میں اس وقت معاشی بحران ہے جس کی مختلف وجوہات ہوں گی۔ ہم سامراجی، مالیاتی اداروں سے قرض تو لے لیتے ہیں لیکن جہاں پیسے خرچ ہوں گے وہاں کا کوئی حساب کتاب ہونا چاہیے۔ میں ایک مثال دیتا ہوں کہ CPEC کے لیے جو قرض لیا گیا وہ تو بیشتر پنجاب پر خرچ کیا گیا باقی تینوں صوبوں پر بہت کم پیسے خرچ ہوئے ہیں۔ اس وقت ملک 126 ارب ڈالر کا قرض دار ہے اور مشکل یہ ہے کہ اس کی ادائیگی عام عوام سے کروائی جاتی ہے۔ اس پر مزید tax لگ جاتے ہیں بجلی، تیل اور پتہ نہیں کس کس چیز پر اور اس کا سارا بوجھ عوام پر پڑتا ہے۔ اس کا کوئی حساب کتاب تو ہونا چاہیے کہ سامراجی اداروں سے جو قرض لیا جاتا ہے اس کا کوئی بندوبست ہو، کوئی طریقہ ہو کہ چاروں صوبے باخبر ہوں کہ ان پر کتنا کتنا خرچ ہو رہا ہے۔

میرے خیال سے پاکستان کا سب سے پسماندہ صوبہ بلوچستان ہے اس پر زیادہ توجہ دینی چاہیے، projects ہونے چاہیے تھے، development ہونی چاہیے تھی، وہاں کی سڑکیں، لوگوں کے روزگار کے لیے صنعتیں، mines کے لیے کوئی منصوبہ بندی، ہماری جتنی بھی coastal belt ہے اس کے لیے پاکستان میں صرف ایک port بنی ہے پہلے دو ports تھے، اسی طرح ہماری

جو fisheries ہیں۔ میں سمجھتا ہوں ہم جو اخراجات لیتے ہیں مالیاتی اداروں سے اس کا کوئی حساب کتاب ہو اور حساب کتاب ہونے کا مقصد یہ ہے کہ وہ پیسے welfare پر خرچ ہونے چاہیے۔ ابھی سمجھ نہیں آتی ہم نے کتنا زیادہ قرض لے لیا ہے کہ ہم 126 ارب ڈالر کے قرض دار ہیں وہ کہاں خرچ ہوئے، اس کا کوئی return ہو رہا ہے یا نہیں۔ میری گزارش یہ ہے کہ۔۔۔

جناب چیئرمین: SOE 400 کو دے رہے ہیں 458 ارب دے رہے ہیں کتنے SOEs? 180. میڈم بتا رہی تھیں۔

سینیٹر محمد اکرم: جناب چیئرمین! میں ایک مثال آپ کو دیتا ہوں 1972 میں Bangladesh میں ڈالر کی قدر per income 90 ڈالر تھی اس وقت وہاں اب تقریباً 2680 ڈالر ہے۔ پاکستان میں ڈالر کی قدر 150 and 500 something ہے ان سب کے باوجود پاکستان وسائل کے لحاظ سے Bangladesh سے بہت آگے ہے لیکن آپ دیکھیں کہ Bangladesh نے کتنی ترقی کی ہے کیونکہ جو قرض انہوں نے لیا اس کو انہوں نے معاشی ترقی کے لیے خرچ کیا، education, health, human resource پر خرچ کیا۔ ہم جو قرض لیتے ہیں وہ ہماری development کے لیے خرچ نہیں ہوا، صنعت، agriculture, coast, معدنیات پر خرچ نہیں ہوئے تو پھر یہ پیسے کہاں خرچ ہوئے ہیں؟

ہمیں سب سے بڑی شکایت یہ ہے کہ جو بڑی جماعتیں ہیں PPP, PML(N), انہوں نے تیس تیس سال یہاں حکمرانی کی ہے، باری باری حکومت کی ہے اور اب دوبارہ بھی یہ ہی جماعتیں آ رہی ہیں۔ I am sorry to say بلوچستان کو اپنا مفتوحہ سمجھ کر بلوچ لوگوں کو یہ حق بھی نہیں دیتے کہ وہ اپنے نمائندے یا اپنی حکومت وہ بیٹھ کر وہاں کے ماحول، حالات کے مطابق خود ہی فیصلہ کر لیں کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ جو بلوچستان کی صورتحال ہے میں بار بار کہتا ہوں کہ بلوچستان پاکستان کا future ہے development کے حوالے سے کیونکہ وہاں بہت بڑی زمین ہے، وہاں کے بہت سے معدنی وسائل ہیں لیکن اگر یہ ہی حکومتیں ہوں گی، یہ ہی قرض لیں گے اور اگر بلوچستان کا infrastructure نہیں ہوگا تو وہاں بیروزگاری ہو گی وہاں بیروزگاری ہو گی تو وہاں مزاحمت ہو گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بلوچستان کی صورتحال ہے اس پر address کرنا چاہیے اور بلوچستان کا infrastructure بہتر بنانا چاہیے۔

جناب چیئرمین: طاہر بزنجو صاحب نہیں ہیں۔ کامل علی آغا اسی motion پر بات کرنا چاہ رہے ہیں؟ جی جی۔

**Senator Kamil Ali Agha**

سینیٹر کامل علی آغا: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ ابھی میرے بھائی بات کر رہے تھے تو مجھے خیال آ رہا تھا کہ غالب نے کیا خوب کہا تھا:

قرض کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لاوے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

یہ ہی صورتحال اس وقت پورے پاکستان کی ہے اور پھر رونا یہ ہے کہ جب اقتدار میں ہم ہوتے ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ ہمیں IMF کے پاس جانا ہے اس کی محبت جاگ جاتی ہے اور جب Opposition میں ہوتے ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ IMF کے پاس کیوں جانا پڑ رہا ہے۔ پاکستان کی economy کو مضبوط ہونا چاہیے اور یہ ذمہ داری حکومت کی ہے درست ہے دونوں طرف دیکھیں تو غالب والا حال نظر آتا ہے۔ مجھے یاد آ رہا تھا آپ نے آج سے ایک ڈیڑھ ماہ پہلے یہ فرمایا تھا کہ جو ادارے State owned Enterprises ہیں ان کو باری باری اس House میں discuss کیا جائے گا کیونکہ بہت سارے ادارے ایسے ہیں جو overlap کر رہے ہیں۔ ایک کام کے لیے تین تین ادارے بنے ہوئے ہیں اور یہ عیاشی چل رہی ہے کوئی اس پر غور نہیں کر رہا اور کوئی کارکردگی نہیں ہے۔

WAPDA کسی زمانے میں ایک بہت مستند ادارہ تھا اور ظاہر ہے یہ سارا infrastructure جو ہے، distribution بھی آج تک جتنی ہے یا نظر آ رہی ہے یہ اسی ادارے کا بنایا ہوا ہے اور اس کے بعد ہم نے اس پر distribution companies بنا دیں، NESCO, IESCO, FESCO پتہ نہیں کون کون سے جیسے حکیم کے چورن نہیں ہوتے وہ والے ادارے ہم نے بنا دیے ہیں اور کارکردگی یہ ہے کہ ابھی اسی ماہ کے شروع میں جو LESCO کی report آئی ہے کئی ارب روپے کے losses ہیں اور corruption ہے یعنی NAB and FIA investigation کر رہے ہیں اور بہت بڑی تعداد میں ملازمین ہیں ان کو نامزد کر کے cases register ہو گئے ہیں۔ اس صورت حال میں میں سمجھتا ہوں کہ اب اسی

تحریک کی ضرورت ہے جو آپ نے نشان دہی کی تھی ان سارے اداروں کی ایک ایک کرکے اور جو subsidiaryادارے ہیں ایک ادارے کے اندر چار چار چھ چھ ادارے بنے ہوئے ہیں۔ ان سب کو اس Houseمیں ایک ایک کرکے ان کے اوپر debateکی جائے اور پھر اسی Houseکے اندر سفارشات مرتب کی جائیں کہ ان کے خلاف کیا ہونا چاہیے، ان کو ختم ہونا چاہیے یا جاری رہنا چاہیے تو کس طریقے سے جاری رہنا چاہیے اور کیوں رہنا چاہیے۔ یہ ساری چیزیں یہاں پر discussہوں اور اس کے بعد یہ فیصلہ کیا جائے اور یہ جو روز روز کے قرض ہیں ہمارے اوپر بوجھ بڑھتا چلا جارہا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک طریقہ ہے400 450 billion rupeesیہ الگ سے خرچ ہو رہے ہیں۔ اور اس کے علاوہ کئی کھاتے نکلیں گے جو کہ اس سے بھی زیادہ ہوں گے۔ یہ کئی ہزار بلین روپے ضائع ہو رہے ہیں۔ اگر یہ ضائع نہ ہوں تو غریب آدمی کے روٹی اور پانی کا سلسلہ چل سکے گا۔ ان کی ادویات کا سلسلہ چل سکے گا۔ ان کے روزگار اور تعلیم کا سلسلہ چل سکے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لیے یہ ضروری ہے اور آج آپ اس پر کوئی رولنگ دیں تاکہ اللہ کرے کہ آپ یہاں پر موجود ہوں اگر نہیں تو آپ کی جگہ پر کوئی اور آئے گا تو وہ اس پر پابند ہو کہ وہ اس کو آگے لے کر چلیں۔

جناب چیئرمین: ہمارے پاس کافی منسٹریوں کی detailsآ چکی ہیں۔ باقی بھی میں سیکرٹریٹ کو کہتا ہوں کہ مزید منگوالیں تاکہ ایک مرتبہ تمام ممبران میں distributeکریں۔ آپ تیاری کریں تاکہ یہ daily basisپر discussہوں۔

سینیٹر کامل علی آغا: ان شاء اللہ discussکریں گے۔

جناب چیئرمین: ان شاء اللہ۔ جی، ہمایوں مہمند صاحب۔

**Senator Muhammad Humayun Mohmand**

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! آج جو motionپیش ہو گیا ہے۔ اس پر سینیٹر مشتاق صاحب اور سینیٹر ڈاکٹر نشتر صاحبہ نے بھی کہا ہے۔ دو سال میں 1.4 trillionروپے کے نقصانات کیے ہیں۔ اچھا اس میں اگر ہم دیکھیں تو بہت سارے power distribution companiesہیں جو کہ 2021 میں profitمیں تھے اور اب وہ 2022 سے نقصان میں چلے گئے ہیں۔ جن میں اسلام آباد الیکٹرک ہے۔ گوجرانوالہ اور لاہور کی کمپنیاں ہیں۔ لاہور پہلے بھی نقصان میں تھا لیکن وہ مزید نقصان میں چلا گیا۔ NHAکے نقصانات

آپ دیکھیں کہ کتنے زیادہ ہوتے جارہے ہیں۔ اچھا، میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں۔ ہو سکتا ہے کہ ایسا نہ ہو۔ مثال کے طور پر NFC میں جب آپ بورڈ بناتے ہیں۔ اب وہاں پر ایسے لوگ ہیں جنہوں نے 2016, 2017 میں Golden Handshake لیا ہے۔ سارے پیسے لے لیے ہیں لیکن آج بھی وہ تنخواہ وصول کر رہے ہیں۔ یہ کیس FIA میں بھی چل رہا ہے لیکن FIA ان لوگوں کے خلاف کچھ بھی نہیں کر رہا ہے۔ اصل میں جو مسئلہ اس کے پیچھے ہے۔ اگر آپ ان لوگوں کو دیکھیں تو مسئلہ میری نظر میں جو آرہا ہے کہ ہماری جو political leadership ہے وہ میرٹ پر نہیں ہوتی۔ جب political leadership merit پر نہیں ہوتی obviously ان کی mental capacity وہ نہیں ہوتی کہ وہ decisions merit پر لے سکیں۔ جب وہ decisions merit پر نہیں لیتے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ کہیں نہ کہیں اپنے cronies بھی لگا لیتے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جن لوگوں کو ہم ان organizations میں appoint کرتے ہیں تو وہ لوگ وہاں سے کسی اور جگہ پر چلے جاتے ہیں اور وہ مزے بھی لوٹتے ہیں لیکن ان کی کسی جگہ پر بھی نہ آڈٹ ہوتا ہے اور نہ ان سے پوچھا جاتا ہے اور وہ لوگ اسی طریقے سے چل رہے ہوتے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم لوگ کیا اسی طریقے سے ہر مرتبہ تین چار باتیں کریں گے اور منسٹر صاحب wind up کر دیں گے۔ آج تک اس پر کسی حکومت نے proper action نہیں لیا اور جب کوئی action لینے کی کوشش کرتا ہے تو ہم سب لوگ شور مچانا شروع کر دیتے ہیں کہ political witch hunt ہو رہا ہے۔ میں سینیٹر مشتاق صاحب کی بات کو تھوڑا سا آگے بھی بڑھاؤں گا اور میں کہوں گا کہ ہم صرف ان bureaucrats کو چیک کرتے ہیں ان کے ساتھ جو political leadership آتی ہے جنہوں نے وہ فیصلے کیے ہوتے ہیں ہم ان کو کیوں نہیں دیکھتے کہ ان کے assets کس لحاظ سے بڑھے ہیں۔ میں مثال دیتا ہوں کہ اگر میں سینیٹر بن کر آیا ہوں تو چھ سال بعد آپ میرا دیکھ لیں کہ چھ سال کے دوران جو income میری بڑھی ہے کیا وہ justify ہو رہی ہیں۔ اس طرح ہمارے جو political leaders ہیں ان کے بارے میں آپ دیکھیں کہ کیا وہ justification دے رہے ہیں کہ ان کے assets کتنے بڑھے ہیں۔ ہم لوگ لکھ پتی سے کروڑ پتی اور پھر ارب پتی بن گئے ہیں۔ ایک سال پہلے ہمیں معلوم ہی نہیں تھا کہ لندن یا پاکستان میں ہماری کوئی جائیداد تھی یا نہیں

تھی۔ اگلے سال ہم لوگوں کو بتاتے ہیں کہ ہماری ایک ارب روپے کی جائیداد ہے۔ یہ ہم کیسے justify کرتے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ صرف State owned enterprises کی بات نہیں ہے۔ ان کے پیچھے ہم ہیں کہ ہم اپنے لوگوں کو ٹھیکے دیتے ہیں۔ سوات کے وہ لوگ جن کی 8,9 سال پہلے کوئی status نہیں تھی آج ان کی بڑی بڑی زمینیں ہیں کیونکہ ان کے بھائیوں اور چچا زاد بھائیوں کو ٹھیکے مل جاتے ہیں۔ یہ وہ کرپشن ہے جس کو white collar crime کہتے ہیں جن کو پکڑنا بھی مشکل ہوتا ہے۔

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب چیئرمین! Thank you کے ساتھ ایک بات یہ ہے کہ اس کو یہاں پر صرف wind up کرنے کی بات نہیں ہوتی۔ اگر ہم لوگ اس کو آگے نہیں لے کر جا سکتے تو میرے خیال میں پھر ان motions کو لانے کا بھی کوئی فائدہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب! ہم نے already تمام organizations کے details منگوائیں ہیں۔ یہی میں نے ابھی کامل صاحب کو کہا کہ ہمارے پاس کچھ آ گئے ہیں اور باقی آ رہے ہیں۔ پھر daily basis پر آپ لوگ ایک ایک organization پر بحث کر سکیں گے۔ ہم آپ کو تمام organizations کے details بھیج دیں گے۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: شکریہ، جناب چیئرمین! یہ بھی بتا دیں کہ اس کے پیچھے جو decisions maker تھے وہ کون تھے۔

جناب چیئرمین: یہ تو پھر آپ نے decide کرنا ہے۔ میرے دائیں جانب گیلری میں نواب زادہ خالد خان مگسی صاحب، ممبر قومی اسمبلی بنے ہیں اور بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر ہیں۔ تشریف لائے ہیں اور ان کے ساتھ نوابزادہ سیف اللہ مگسی صاحب جو کہ ہمارے former Senator تھے۔ .Welcome to the House جی، جناب سینیٹر پیر صابر شاہ صاحب۔ اسی موشن پر بات کرنا چاہ رہے ہیں؟

**Senator Syed Muhammad Sabir Shah**

سینیٹر سید محمد صابر شاہ: شکریہ، جناب چیئرمین! سینیٹر مشتاق صاحب نے آج جو motion پیش کیا ہے وہ نہایت ہی اہم موضوع پر ہے۔ پاکستان میں جو حکومتی ادارے ہیں وہ تقریباً ناکامی سے دوچار ہیں اور تنزل کا شکار ہیں۔ پی آئی اے، سٹیلز مل، واپڈا اور ریلوے کے اداروں کو اگر ہم دیکھیں

تو یہ ادارے ایک بہت بڑے عرصے سے ناکامی سے دوچار ہیں لیکن اس بات کی سمجھ نہیں آ رہی کہ ان کی liabilities کھربوں میں ہیں اور ہر سال کھربوں روپے کا خسارہ ہمارے اوپر آ رہا ہے۔ ایک افسوس ناک بات یہ ہے کہ ادارے ہوتے ہوئے۔ اداروں سے مراد میری قومی اسمبلی اور سینیٹ بھی ہیں۔ ہماری کمیٹیوں میں بھی ان اداروں کے بارے میں meetings ہوتی رہتی ہیں۔ ان کی privatization کی باتیں ہوتی ہیں کہ ہمیں privatization کو آگے لے کر چلنا ہے لیکن وہ کونسی طاقت اور ہاتھ ہیں جو کہ کسی بھی چاہے وہ پی آئی اے ہو، چاہے وہ ریلوے ہو اور چاہے وہ سٹیل ملز ہو ان کی privatization کو آگے بڑھنے نہیں دیا جا رہا ہے۔ اس ملک کی economy پر آئے دن بوجھ میں اضافہ ہوتا رہا ہے ہمیں اس کی تہہ میں بھی جانے کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین! ہم اگر دیکھیں تو پی آئی اے کے اندر جو ہماری ضروریات سے بڑھ کر۔ Comparatively اگر آپ دیکھیں تو private ادارے ہیں اور private airlines ہیں تو وہ کتنے لوگوں کے ساتھ اپنے نظام کو آگے لے کر جا رہے ہیں۔ اگر آپ پی آئی اے کے اندر دیکھیں تو افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ کچھ لوگ تو گھروں میں تنخواہیں لے رہے ہیں۔ سٹیل ملز سے ہزاروں ورکرز گھروں میں بیٹھ کر تنخواہیں لے رہے ہیں لیکن آج تک کسی حکومت نے یہ نہیں پوچھا، میں کسی ایک حکومت کو target نہیں بنوا رہا ہوں۔ کسی ایک حکومت نے بھی اس اہم issue پر بات نہیں کی کہ پاکستان کی economy پر دیمک لگی ہوئی ہے۔

(اس موقع پر پریذائیڈنگ آفیسر، سینیٹر سیمی ایزدی کرسی صدارت پر متمکن ہوئیں)

سینیٹر سید محمد صابر شاہ: پاکستان کی economy تباہ ہو رہی ہے لیکن اس پر آج تک کوئی عملی کام نہیں ہوا۔ ہماری بدقسمتی ہے کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور ہمارا main source ہماری زراعت ہے۔ لیکن جناب چیئرپرسن! ہم نے دیکھا کہ ہماری جتنی بھی fertile زمینیں ہیں، آج ان پر ہاؤسنگ اسکیمیں بن رہی ہیں۔ بہت تیزی کے ساتھ کام ہو رہا ہے۔ اس کا نتیجہ کیا ہے؟ ایک طرف ہم یہاں پر figure quote کرتے ہیں کہ ہمارے اتنے لوگ غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے ہیں لیکن دوسری طرف اگر آپ دیکھیں کہ یہ ہاؤسنگ اسکیمیں ہماری زراعت کو ختم کر رہی ہے، ہماری fertile زمینوں کو کھا رہی ہیں جس کے نتیجے میں لوگ اربوں اور کھربوں پتی بن

رہے ہیں۔ دوسری طرف غربت میں اضافہ ہورہا ہے۔ یہ ایک بہت بڑا تضاد ہے اور ہمارے لیے اس تضاد کو ختم کرنا ضروری ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ ایک دوسرا ایشو ہے۔ گزشتہ عرصے کے دوران، اخباروں میں آجاتا ہے، سوشل میڈیا پر آجاتا ہے کہ FIA نے چھاپا مارا، کسی اور ادارے نے چھاپا مارا، کسی کے گھر سے سات ارب روپیہ نکل آیا، کسی کے گھر سے آٹھ ارب روپیہ نکل آیا۔ میں ایک تصویر دیکھ رہا تھا کہ اربوں روپیہ ایک گھر سے نکل رہا ہے لیکن اس کے ایک portion پر نظر آرہا ہے کہ ان روپوں پر دیمک لگی ہوئی ہے، اس کو دیمک چاٹ چکی ہے لیکن اس کو سنبھالنے کا کوئی بندوبست نہیں۔ پاکستان میں ایک طرف white economy ہے جو زوال کا شکار ہے اور لرزہ براندام ہے جبکہ دوسری طرف black economy پروان چڑھ رہی ہے۔ Black economy لوگوں کو ارب پتی نہیں بلکہ کھرب پتی بنا رہی ہے جبکہ میرے غریب کا جب بجلی کا بل آتا ہے تو دو چیزیں اس کے سامنے ہوتی ہیں۔ آج کھانا بھی کھانا ہے اور بل بھی جمع کروانا ہے۔ وہ سوچتا ہے کہ اس کی priority کیا ہونی چاہیے کہ میں کھانا کھاؤں، بچوں کو ایک وقت کی روٹی دوں یا بجلی کا بل جمع کرواؤں۔ IMF ہو یا کوئی بھی ہو لیکن ہمیں common man کو کم از کم زندہ رہنے کا حق تو دینا چاہیے۔ اس کے لیے میں ایک تلخ بات کرنا چاہتا ہوں۔ ایک طرف اگر آپ کی black economy آئے روز ترقی کررہی ہے، دوسری طرف white economy تباہی کے دہانے پر ہے تو کیا یہ ضروری نہیں ہے کہ ہمیں ایک ایسا انقلابی قدم لینا چاہیے کہ یہ جو گوداموں کے اندر پیسا پڑا ہوا ہے، یہ جو گھروں کے اندر پیسا موجود ہے جس کو دیمک چاٹ رہی ہے، اس کو راستہ دے دیں تاکہ یہ جو پیسا پڑا ہوا ہے اور ضائع ہورہا ہے، اس کو آپ قومی دھارے میں لے آئیں تاکہ ہماری economy کو boost مل سکے۔ اس کے لیے ہمیں ایک مضبوط فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر ہم ان چیزوں کو صحیح طور پر لیں اور اس سے ہٹ کرکے ہمارے اوپر کیا الزامات آئیں گے، پاکستان کی بہتری کے لیے ہمیں تلخ فیصلے کرنے ہوں گے۔ ہمیں یہ تلخ فیصلے کرنے چاہییں۔ ہمیں black economy کو open کرنا چاہیے۔ ان کو سامنے لانا چاہیے اور ان کو راستہ دینا چاہیے تاکہ اس ملک کی economy کو ترقی مل سکے۔ میں بس یہی گزارش کروں گا کہ ہمارے ادارے، اسٹیل ملز، پی۔آئی۔اے اور دوسرے ادارے جو روبہ زوال ہیں، ہمیں فوری طور پر ان کی

privatization کے لیے اقدامات لینے چاہیئں۔ اب جو آنے والی حکومت ہے، میں اس سے بھی گزارش کروں گا، اس ہاؤس سے بھی گزارش کروں گا کہ ہمیں اپنے اداروں کی اصلاح کے لیےwar footingپر اقدامات کرنے ہوں گے۔ بڑی مہربانی۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: اسmotionپر اور کوئی بولنا چاہے گا؟ سینیٹر دنیش۔

سینیٹر دنیش کمار: چیئرپرسن صاحبہ! بہت بہت شکریہ۔ آپ پہلی مرتبہ سیٹ پر آئی ہیں، آپ کو مبارک ہو۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ آج کل تو ہر جگہ پر ہماری لیڈیز، ہماری ماؤں اور بہنوں کا عروج ہے اور وہ پورے پاکستان میں چھائی ہوئی ہیں۔ ماشاءاللہ، ہمیں اس بات کی بہت خوشی ہے۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

**Senator Danesh Kumar**

سینیٹر دنیش کمار: ابھی میں motion کی طرف آتا ہوں۔ مشتاق صاحب ہمیشہ ایسے motions لاتے ہیں جو کہ میرے خیال میں پاکستانیوں کے جذبات کی عکاسی کرتے ہیں۔ کہا گیا ہے کہ 458 ارب روپے ہر سال یہ سرکاری ادارے کھا جاتے ہیں۔ ان میں کارپوریشنز ہیں، PIA ہے اور ریلوے ہے۔ مجھے تو حیرانی ہوتی ہے۔ آپ کو پتا ہے کہ بلوچستان کا سالانہ ترقیاتی بجٹ کتنا ہے؟ بلوچستان کا ترقیاتی بجٹ 150 ارب روپے ہے۔ یہ ادارے بلوچستان کا تین سال کا بجٹ ہر سال کھا جاتے ہیں۔ میں تو حیران ہوں کہ انہوں نے بلوچستان کو یتیم سمجھا ہوا ہے۔ ان اداروں کو بند کرکے اگر یہی بجٹ بلوچستان کو دے دیا جائے تو بلوچستان تمام صوبوں کے برابر آ جائے گا۔ میری ایوان سے گزارش ہے کہ یہ ادارے جو ہمارا خون چوس رہے ہیں، یہ آسیب ہیں، یہ درندے ہیں، میں ان کارپوریشنوں کو درندہ کہوں گا، یہ ہمارا خون چوس رہے ہیں۔ یہ ہمارے tax payers کا، ہمارے غریب ترین پاکستانی عوام کا خون چوستے ہیں اور وہ پیسا چند جیبوں میں جارہا ہے۔

بات یہ ہے کہ caretaker حکومت نے بھی آتے ہی کہا کہ ہم ان اداروں کو privatize کریں گے۔ پتا نہیں وہ کون سی مصیبت ہے اور کون روک رہا ہے کہ انہیں privatize نہیں کیا جاتا۔ کیوں یہ عذاب ہم پر مسلط ہے اور کب تک یہ عذاب چلتا رہے گا؟ اس عذاب کا خمیازہ ہم پاکستانی عوام بھگت رہے ہیں۔ مجھے تو لگتا ہے کہ میرے بچے بھی اسے بھگتیں گے اور میرے پڑپوتے بھی جب تک ہم نے اس حوالے سے کوئی decision نہ لیا۔ اگر ہم اسی طریقے سے

آنکھیں بند کرکے یہ کام کرتے رہے تو آج جو 458 ارب ہے، یہ کل جا کر پاکستان کا پورا بجٹ کھا جائیں گے۔ آپ کے پاس اسکول رہیں گے اور نہ آپ کے پاس health کی facility رہے گی۔ اب جو تھوڑی بہت facilities موجود ہیں، وہ بھی یہ ادارے کھا جائیں گے۔

حکومت کا کاروبار سے کیا تعلق ہے؟ آپ چھوڑیں، اس کاروبار کو private لوگوں کے حوالے کریں۔ آپ دیکھیں کہ انڈیا نے اپنی Indian Airlines کو privatize کر دیا۔ اب وہ دنیا کی بہترین ایئر لائن بننے جا رہی ہے۔ اسی طرح وہاں پر لالو پرشاد جیسا ایک انگوٹھا چھاپ منسٹر تھا لیکن اس نے ریلوے کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ ہمارے پاس تو کتنے بڑے بڑے نام ہیں مگر ابھی ریلوے کو اس نہج تک نہیں پہنچا سکے۔ مجھے تو حیرانی ہے کہ انگریزوں کے زمانے کا چھوڑا ہوا track بھی ہم نے ناکارہ کر دیا ہے بجائے اس کے کہ ہم نیا بنائیں۔ ٹرانسپورٹ مافیا کی وجہ سے ہم نے goods والی ٹرینیں بند کر دیں۔ آپ passenger ٹرینوں کا حشر نشر دیکھیں کہ اب ان میں کوئی سفر کرنے کے لیے تیار نہیں ہے۔

محترمہ چیئرپرسن صاحبہ! آج آپ یہاں بیٹھی ہیں، آپ ایک ruling دیں، ہم تمام اس بات پر متفق ہیں، حکومت کو مجبور کریں کہ ان محکموں کو جو پاکستانی قوم پر ایک عذاب بن کر مسلط ہیں، فی الفور privatize کیا جائے یا بند کر دیا جائے۔ بہت بہت شکریہ۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر ابڑو صاحب۔

**Senator Saifullah Abro**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: چیئرپرسن صاحبہ! شکریہ۔ مشتاق صاحب نے کافی محنت کی ہے، ہم نے تو تین سال دیکھا ہے، مشتاق صاحب ہم سے پہلے آئے۔ ماشاءاللہ، انہوں نے بہت اچھے motions پیش کیے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس motion میں state-owned enterprises کے حوالے سے جو 458 ارب روپے کی figure لکھی ہوئی ہے، مشتاق صاحب کی efforts اپنی جگہ ہیں لیکن یہ کچھ بھی نہیں ہے۔ میں ایک مثال آپ کو دیتا ہوں کہ یہاں state-owned companies کی جو formation ہے، جیسے میری بہن میڈم ثانیہ نے بھی اس کا ذکر کیا، normally حکومت کہتی ہے کہ state-owned companies کے فیصلے BODs کرتی ہیں۔

میں Standing Committee on Power کا چیئرمین تھا، اسد جونیجو صاحب بھی ہمارے ساتھ تھے۔ میں بتانا چاہتا ہوں کہ BOD کیا ہے، SEPCO کا BOD تھا، جس کا چیئرمین rice mills کا مالک تھا، ایک ممبر CNG sector سے تھا، ایک ممبر کا dates کا کاروبار تھا، چوتھا ممبر steel کے gates بناتا تھا، پانچواں ممبر member real estate کا آدمی تھا، اب یہ لوگ DISCO چلائیں گے۔ سارے DISCOs میں ایسا ہی تھا۔

حقیقت میں یہ Rs. 458 billion روپے تو کچھ بھی نہیں ہیں۔ ہم جب اس ایوان میں باتیں کرتے ہیں، ان پر implementation نہیں ہوتی۔ جیسے ہمایوں بھائی نے کہا کہ bureaucrat ہو، سیاسی آدمی ہو، سیاسی جماعت ہو، کسی کی بھی حکومت ہو، ہم جب تک کھل کر اس پر sincerely implementation نہیں کریں گے تب تک یہ تبدیلی نہیں آئے گی۔ یہ بس ایسے ہی ہے، ہم یہاں motion دیتے ہیں، خطاب کرتے ہیں اور معاملہ گزر گیا۔ میں Power Division کی بات کروں گا کہ وہاں پچھلے دس سالوں کی energy payment Rs. 9288 billion تھی، energy payment کا مطلب یہ ہے کہ IPPs نے جو بجلی پیدا کی اور حکومت پاکستان کو فروخت کی، ہم نے capacity payment Rs. 8900 billion کی ہے۔ سندھ میں ایک مثال ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ بھینس دودھ دے نہ دے، نادر شاہ دودھ پیئے گا'۔ IPPs بے شک بجلی پیدا نہ کرے حکومتِ پاکستان انہیں پیسے دے گی، Rs. 8900 billion round about equal payment ہے جو generation کی ہے، یہ فیصلے کس نے کیے ہیں؟ آپ ماضی میں دیکھیں ایسے فیصلے کیے گئے ہیں۔ جناب والا! اگر ہمارا ایوان ابھی بھی serious ہو، یہاں جو آدمی بات کرتا ہے اس کا حشر ہو جاتا ہے۔

جناب والا! میں NHA کی مثال دیتا ہوں، یہ Rs. 458 billion کچھ بھی نہیں ہیں۔ NHA کی two schemes public private partnership کے تحت ہوئی ہیں۔ M6 Sukkur-Hyderabad Motorway، جس کی length 307 Kms تھی، اس کی bid Rs. 306 billion کی آئی، foreign کی ایک company تھی، اس کے ساتھ پاکستانی آدمی جو باہر تھا، انہوں نے اپنا consortium بنایا اور کہا کہ ہمیں حکومت سے Rs.

9 billion چاہییں جسے یہ Viability Gap Funding (VGF) کہتے ہیں، ہم باقی Rs. 297 billion خود لگائیں گے۔ کامل علی آغا صاحب آگے بیٹھے ہوئے ہیں، وہ بھی Standing Committee on Communications میں ہمارے ساتھ ہوتے تھے، اس پر بہت discussion ہوئی تھی۔ آپ کو تعجب ہو گا کہ دو سالوں کے بعد اس company کا کام cancel کیا گیا، سولنگی صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، سولنگی صاحب کے ساتھ left میں Minister for Communications بیٹھتے ہیں، جس کے پاس five departments ہیں، جس کے پاس five portfolios ہیں، یہ اس کا بڑا کارنامہ ہے۔ انہوں نے overnight وہ scheme cancel کروائی۔ میڈم چیئرمین! اب جب وہ tender دوبارہ ہو گا، 2022 میں ڈالر کا rate round about Rs. 165 or Rs. 170 تھا، ابھی ڈالر کی قیمت Rs. 300 پر ہے۔ وہ caretaker Minister جسے نہ جانے سے کہاں سے کوئی عشق آیا، جیسے کسی کو صوفیانہ عشق ہو جاتا ہے، اسے بھی ایسے ہی عشق آیا، انہوں نے وہ کام cancel کیا۔ اب جب وہ rebidding میں جائے گا تو اس کی کم از کم cost Rs. 800 billion instead of Rs. 300 billion پر جائے گی، یہ میں ایوان میں کہہ رہا ہوں۔ یہاں کون سا معیار ہے؟ وہ چھ مہینوں کے لیے وزیر آئے ہیں، پاکستان کی تباہی کر دی۔ کہاں اُس company کو financial closing کے لیے ایک مہینہ نہیں دے رہے تھے، یہاں نئے tender کے لیے دو سال اور ضائع کریں گے۔

جناب والا! ایک اور project تھا، Rawalpindi-Kharian motorway کی ایک scheme آئی تھی۔ وہ Rs. 86 billion میں ایک company کو دیا گیا، وہی وزیر مواصلات، جو Maritime کے وزیر، جو Railways کے وزیر، مجھے نہیں معلوم تھا کہ پاکستان میں سارے engineers فوت ہو گئے تھے، ختم ہو گئے تھے کہ all engineering departments ایک ایسے آدمی کو دیے گئے جو پاکستان کے ساتھ نہ جانے کون سی دشمنی نبھا رہا تھا۔ سولنگی صاحب! آپ ان سے پوچھیے گا کہ Rawalpindi-Kharian project انہوں نے cancel کروایا۔ جب یہ project re-bid ہوگا تو اس کی cost کم از کم Rs. 175 billion تک چلی جائے گی۔ مشتاق صاحب نے Rs. 458 billion کے بارے

میں motion دیا ہے۔ میں نے تو NHA کی two schemes بتائی ہیں جن میں round about Rs. 700 billion ہیں، یہ Rs. 700 billion کہاں جائیں گے؟ یہ Rs. 700 billion اس ایوان میں بیٹھے ہوئے چند لوگوں کی جیبوں میں بھی جائے گا جنہوں نے انہیں facilitate کیا۔ اس Upper House کے کافی ممبران اس conspiracy میں شامل ہیں کہ یہ tenders cancel کیے جائیں، پھر یہ tenders زیادہ داموں لیے جائیں اور وہی کام انہیں مل جائے، جیسے ابھی آغا صاحب نے کہا ہے کہ کیسے ٹھیکے دیے جاتے ہیں۔

میڈم چیئرپرسن! جب تک یہ Upper House properly اپنی عزت، اپنی حیثیت نہیں سمجھے گا، ہم ممبران ویسے کام نہیں کریں گے تو پاکستان کے تمام اداروں کے مسائل کبھی حل نہیں ہوں گے۔ آپ صرف یہ two projects, Rawalpindi-Kharian, M6 Sukkur-Hyderabad Motorway کو دیکھیں، میں کہتا ہوں کہ اس ایوان کے کم از کم پانچ سینیٹرز کو D-Chowk میں، مشتاق صاحب نے کہا تھا کہ rape case میں سزا دی جانی چاہیے، انہیں hang کیا جائے۔ جناب والا! اس ایوان کے پانچ سینیٹرز D-Chowk میں پھانسی پر لٹک جائیں گے جنہوں نے زبردستی یہ کام کروایا ہے۔ اللہ کے واسطے! جب تک یہ ایوان proper کام نہیں کرے گا، ایسے ایسے caretaker ministers آئیں گے جنہیں چھ چھ محکمے ملیں گے، اس سے پاکستان کا کوئی مسئلہ حل نہیں ہوگا۔

میڈم چیئرپرسن! میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں پاکستان سے بائیس سال چھوٹا ہوں، میں نے جب سے ہوش سنبھالا ہے، میں ایک ہی چیز سنتا آیا ہوں کہ وہ ہو جس سے ملک کا بھلا ہو حالانکہ یہ نہیں ہوا، ابھی تک میں نے تو نہیں دیکھا کہ ملک کا بھلا ہوا ہو۔ ایوب خان کے دور میں جو dollar Rs. 4.92 پر تھا آج وہ تین سو روپے پر ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ہم serious نہیں ہیں، ہمیں serious ہونا پڑے گا۔ اگر یہ ایوان پاکستان کی بھلائی کے لیے کام کر سکتا ہے تو شاید ہم اس Rs. 458 billion کی corruption کو ختم تو نہ کر پائیں لیکن ہم اس کے سامنے کوئی بند باندھ سکیں۔ شکریہ۔

Madam Presiding Officer: Minister Sahib, would you like to say a few words about this?

**Mr. Murtaza Solangi, Minister for Parliamentary Affairs**

جناب مرتضیٰ سولنگی: شکریہ، میڈم چیئرمین! سرکاری تحویل میں چلنے والے ادارے جو state owned enterprises کے نام سے مشہور ہیں، ان کے نقصانات کو ختم کرنے کے حوالے سے تو کسی کو بھی اختلاف نہیں ہے لیکن سرکاری تحویل کے اداروں کے نقصانات کیسے ختم کیے جائیں، اس کے بارے میں مختلف لوگوں کی رائے مختلف ہے۔ کچھ لوگوں کو خیال ہے کہ نجکاری ہی اس سارے مسئلے کا ایک تریاق ہے لیکن کچھ لوگوں کا خیال یہ ہے کہ اگر پیشہ وارانہ management boards بنیں گے اور کوئی professional طریقہ ہوگا تو شاید یہ ختم ہو جائیں۔ یہ فیصلہ ایوان اور منتخب حکومت نے کرنا ہے۔ مجھے جو نکات دیے گئے ہیں، اگر آپ مجھے اجازت دیں گی تو میں بتاؤں گا۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی ضرور۔

جناب مرتضیٰ سولنگی: میڈم! مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ کم از کم دو سو سے زائد state owned enterprises ہیں، جن میں زیادہ تر power, petroleum, finance and communications سے تعلق رکھتے ہیں۔ حال ہی میں Finance Division نے state owned enterprises کی 2021-2022 کی کارکردگی report شائع کی ہے۔ جس کے مطابق نقصانات میں جانے والے ان اداروں کا مجموعی نقصان Rs. 730 billion تھا لیکن بہت سارے ادارے منافع بخش بھی رہے اور ان کا مجموعی منافع تقریباً Rs. 570 billion روپے تھا۔ اس طرح net losses Rs. 160 billion کے قریب بنتے ہیں۔ ان نقصانات میں ابھی ذکر بھی ہوا جن میں Power Sector, PIA, NHA, Railways ہے، Steel Mills کے بارے میں تو ساری دنیا کو پتا ہے۔ NHA کے نقصانات جو تقریباً Rs. 170 billion کے قریب تھے، اگر آپ انہیں نکال دیں تو مجموعی طور پر state owned enterprises کا خسارہ بہت زیادہ نہیں ہے۔ یہ بھی ذہن میں رہے کہ NHA کے نقصانات کا بڑا حصہ depreciation losses ہے۔ سابق اور موجودہ حکومت نے state owned enterprises کے حوالے سے کافی اصلاحات کی ہیں۔

ان میں State Owned Enterprises Governance and Operations Act, 2023, Parliament کی منظوری کے بعد فروری 2023 میں جاری ہوا۔ اسی طرح ستمبر 2023 میں State Owned Enterprises Management Policy بھی منظور کی گئی۔ State Owned Enterprises کی کارکردگی کا بروقت جائزہ لینے کے لئے Finance Division نے ایک علیحدہ central monitoring unit بنایا ہے۔ بہت سے اداروں میں اصلاحات کے لئے ان کے قوانین میں ترامیم کی گئی ہیں جن میں NHA, PNSC, Pakistan Post and Pakistan broadcasting corporation famous as Radio Pakistan شامل ہیں۔ یہ لازمی بنایا گیا ہے کہ جو ان کے management boards ہیں، ان میں اکثریت نجی شعبے سے ہو۔ ابھی ان پر عمل درآمد کرانا ہے۔ یہ فیصلہ کہ مزید اصلاحات کون سے ہونی چاہیں اور کیسے ان نقصانات کو ختم کیے جائیں، اس کا فیصلہ ایوان اور منتخب حکومت نے کرنا ہے، شکریہ۔

Madam Presiding Officer: Thank you. The motion has been talked out. Before taking up the next motion, Order. Nos. 8 and 9 were deferred on the request of Senators Muhammad Abdul Qadir and Kauda Babar. Since, Senator Mohammad Abdul Qadir is in the House, we may now take up his agenda. Please move Order. No.8.

## **Introduction of [The Aliz Institute of Arts and Sciences Bill, 2024]**

Senator Muhammad Abdul Qadir: I, on my and on behalf of Senator Kauda Babar, move for leave to introduce a Bill to provide for the establishment of Aliz Institute of Arts and Sciences [The Aliz Institute of Arts and Sciences Bill, 2024].

Madam Presiding Officer: Minister *sahib*, Do you oppose the Bill?

جناب مرتضیٰ سولنگی: میڈم! متعلقہ وزارت اس کی مخالفت کرتی ہے۔ اگر آپ اجازت دیں گی تو میں بتاسکوں گا کہ وزارت کیوں مخالفت کر رہی ہے۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی بات کریں۔

جناب مرتضیٰ سولنگی: میڈم! اس یونیورسٹی کے حوالے سے HEC سے کسی بھی قسم کی کوئی مشاورت نہیں کی گئی ہے۔ یہ بھی کہ کاغذی کارروائی کے لئے جو NOC ہے، اس کی بھی کوئی درخواست نہیں کی گئی ہے۔ اس لئے ہم اس کی مخالفت کرتے ہیں۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر محمد عبدالقادر۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: میڈم! اگر آپ اسے کمیٹی بھیجنے کی اجازت دیتی ہیں تو ہم وہاں documents پیش کردیں گے۔ اگر کمیٹی satisfy نہیں ہوتی تو اسے دوبارہ ایوان میں لا کر reject کردیں۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! اسے کمیٹی میں بھیج دوں؟

جناب مرتضیٰ سولنگی: جی بھیج دیں۔

Madam Presiding Officer: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. We may now take up Order. No. 29. It stands in the name of Senator Mushtaq Ahmed. Please move the Order.

## Motion under Rule 218 moved by Senator Mustaq Ahmed regarding immediate discussion on the issue of abolishment of the subject of Pakistan Affairs by the Higher Education Commission, from the syllabus at graduation level

Senator Mushtaq Ahmed: Thank you, Madam Chairperson! I, move that this House may immediately discuss the issue of abolishment of the subject of Pakistan Affairs by the Higher Education Commission, from the syllabus at graduation level.

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی بات کریں۔

سینیٹر مشتاق احمد: میڈم! مطالعہ پاکستان کو bachelor level پر پڑھانے کے متعلق HEC نے اسے ایک فیصلے کے ذریعے ختم کیا ہے۔ اس کی جگہ دو components پر مشتمل Ideology and Constitutional study پڑھایا جائے گا۔ مجھے حیرت ہے کہ اس فیصلے کے پیچھے کیا logic ہے۔ بدقسمتی یہ ہے کہ Pakistani nationalism موجود نہیں ہے۔ کسی ملک کی سالمیت، یک جہتی، وفاقیت اور ترقی کے لیے کم level کی ہی سہی لیکن nationalism ضرور ہونی چاہیے۔ وہ nationalism بنیادی طور پر educational system سے آتی ہے۔ Pakistani nationalism کے components اگر بیان کئے جائیں تو وہ اسلام، اردو زبان، علاقائی اور صوبائی زبانیں، علاقائی اور صوبائی ثقافتیں، برصغیر کی اور اسلام کی تاریخیں ہیں۔ یہ وہ components ہیں جو ایک ساتھ مل کر Pakistani nationalism بنا سکتے تھے لیکن ان پر کوئی کام نہیں ہوا۔ مطالعہ پاکستان کا مضمون دراصل اسی لئے تھا۔ 1978 میں حکومت پاکستان نے اسلامیات اور مطالعہ پاکستان کو bachelor level پر لازمی مضامین قرار دیا۔ اس کے بعد 1980 میں ایک ordinance جاری کیا گیا جس میں یہ کہا گیا کہ bachelor level پر ڈگری اس وقت دی جائے گی جب طالب علم Islamic study and Pakistan study کے مضامین پاس کرے گا۔ گویا کوئی student ان دونوں مضامین کو پاس نہیں کرپائے گا تو اس ordinance کے مطابق اسے bachelor degree نہیں دی جائے گی۔ میں وہ ordinance آپ کے سامنے پڑھ دیتا ہوں۔ وہ یہ کہتا ہے کہ

A subject to be called Islamic and Pakistan studies shall be taught as compulsory subject at bachelor’s degree level at all faculties. It was stated in that ordinance that a degree shall not be awarded to a student unless he passed the examination in the subject mentioned as Islamic and Pakistan study.

میڈم! اب HEC نے بہ یک جنبش قلم یہ ختم کردیا۔ جو چیز Act of Parliament کے ذریعے ہوئی ہے، اسے HEC کیسے ختم کرسکتا ہے۔ سرے سے HEC کے پاس یہ اختیار ہی نہیں ہے کہ Islamic and Pakistan study جو Act of

Parliament کے ذریعے bachelor level پر لازمی قرار دیا گیا ہے، اسے ختم کرے لیکن انہوں نے اسے ختم کردیا اور اس کی جگہ Ideology and Constitution of Pakistan study متعارف کرادیا ہے۔ اب صورت حال یہ ہے کہ universities میں جو department of Pakistan study ہے، وہ بے کار ہو گئے ہیں۔ ہزاروں teachers, professors and doctors بھی بے کار ہوگئے ہیں۔ Students میں ایک تشویش ہے۔ Universities میں already department of Pakistan study exist کرتے ہیں، اب HEC, Ideology and Constitution of Pakistan study کے departments قائم کرنا شروع کردیئے ہیں حالانکہ ہمیں پتا ہے کہ اس وقت universities شدید financial crisis سے گزر رہی ہیں۔ ایک غلط کام یہ ہوا کہ HEC نے Act of Parliament کو override کیا اور دوسری غلطی یہ کہ اس سے universities پر ایک financial burden پڑ رہا ہے۔ ہزاروں طلبا اور اساتذہ میں تشویش کی ایک لہر ہے۔ میں نے جس طرح عرض کیا کہ یہ Act of Parliament کے ذریعے ہوا تھا اور HEC کے پاس کوئی اختیار نہیں تھا کہ وہ ایسا کرے۔ باقی سینیٹر صاحبان بھی اس پر بات کرنا چاہیں گے۔ میں یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ HEC فوری طور پر bachelor level پر اس مضمون کو نہ پڑھانے کا حکم واپس لے۔ دوسرا مطالبہ یہ کہ وہ ایک notification کے ذریعے مطالعہ پاکستان کے تمام departments کو restore کرے۔ تیسرا مطالبہ یہ ہے کہ اگر آپ Ideology and Constitution of Pakistan کی study کروانا چاہتے ہیں تو آپ Pakistan study کے syllabus کو revisit کریں اوران دونوں components کو اس کا حصہ بنائیں۔ اس کے ذریعے آپ کا مقصد حاصل ہو جائے گا۔ سچ بات یہ ہے کہ اس سے ایک تشویش کی لہر دوڑی ہے۔ HEC نے اپنے mandate سے overstepping کی ہے اور جو Act of Parliament تھا، اسے اپنے ایک executive order سے change کرنے کی کوشش کی ہے۔ لہٰذا میں یہ ایک بار پھر مطالبہ کرتا ہوں کہ کہ وہ ایک notification کے ذریعے اس حکم کو واپس لے، مطالعہ پاکستان کے تمام departments کو restore کرے اور Ideology and

Constitution of Pakistan کو Pakistan study کے components کے طور پر اس کا حصہ بنائیں، شکریہ۔

Madam Presiding Officer: Thank you. Yes, Senator Walid Iqbal.

**Senator Walid Iqbal**

سینیٹر ولید اقبال: شکریہ، جناب چیئر پرسن صاحبہ! میں اپنے فاضل colleague سینیٹر مشتاق احمد کو داد دینا چاہتا ہوں اور ابھی آپ نے بھی یہ بات تسلیم کی کہ نہ صرف وہ محنت کرتے ہیں بلکہ ایسے اہم معاملات ایوان میں لے کر آتے ہیں جو بہت توجہ طلب ہیں۔ ایسے اقدامات لیے گئے جو ابھی سینیٹر صاحب نے نشان دہی بھی کی، نہ صرف قابل مذمت ہیں بلکہ انہیں فوری طور پر واپس لینے کی بھی ضرورت ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان کے بہت سارے ایسے ہیں اور پچھلے ایک گھنٹے سے ایوان میں یہی ایسے discuss ہو رہے ہیں۔ میں اپنے ملک، اس کی تاریخ، عوام اور لوگوں کی ذہنیت کو جانتے ہوئے یہ سمجھتا ہوں کہ ملک کا ایک المیہ اور ایک بہت بڑا فقدان یہ ہے کہ ہم نے کبھی national identity یا قومی تشخص build کرنے کی ہی کوشش نہیں کی۔۔۔

اگر کوئی کوشش کی ہے تو یہ ایک اقدام جو، بالکل ٹھیک فرمایا کہ 1978 یا 1980 میں سب سے پہلے حکومت پاکستان نے National Education Policy میں یہ بات stipulate کی کہ اسلامیات یا Islamic and Pakistan studies ہر یونیورسٹی میں graduation level کے لئے لازمی ہے ۔ اس کے بعد تمام صوبوں کے گورنروں نے بھی Ordinances منظور کئے یعنی اس پر قانون سازی ہوئی لیکن بات یہاں ختم نہیں ہوتی۔

میں بہت سی یونیورسٹیوں کا قانونی مشیر بھی ہوں، کسی بھی یونیورسٹی کا Charter کھول کر دیکھ لیں، وہ بھی ایک Act of Parliament or Act of Provincial Assembly ہوتا ہے، ان Acts میں بھی یہ بات درج کی گئی ہے اور یہ لازمی قرار دیا گیا ہے کہ Islamic and Pakistan studies کے بغیر کوئی شخص پاکستان میں graduate نہیں ہو سکتا۔ ایک تو روز روشن کی طرح واضح بات یہ ہے، جیسے معزز سینیٹر مشتاق صاحب نے بھی کہا، سامنے آتی ہے اور میں اس کو دہرا رہا ہوں کہ یہ بالکل illegal ہے کہ ایک جنبش قلم سے ایک Executive Fiat سے ایک نئی پالیسی بنا کر اس میں، Pakistan studies, I do

not know why Pakistan affairsکے نام سے اسmotion میں آیا ہے، Pakistan Studies کو خارج کر دیا گیا ہے،abolish کر دیا گیا ہے۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ بالکل illegal ہے، Universities Charter کے پیش نظر بھی اور پاکستان کے دیگر قوانین کے پیش نظر بھی۔ یہ بات یونیورسٹیوں کے Pakistan جو departments, students bodies and faculties Studies کے subjects کے لئے مختص ہیں، ان میں محض تشویش نہیں پائی جارہی، جیسے سینیٹر مشتاق صاحب نے کہا بلکہ ان میں بے تحاشا بے چینی پائی جارہی ہے کیونکہ ہزاروں طلباء اور طالبات کو اور سینکڑوں Faculty members کو اپنے مستقبل میں بے یقینی اور uncertainty نظر آرہی ہے کہ اب وہ کہاں جائیں گے، ان کا subject ہی ختم ہو گیا ہے۔

میڈم چیئرپرسن! میں اپنے آپ کو خوش قسمت سمجھتا ہوں، پاکستان میں بھی اور پاکستان کے باہر بھی کہ teaching کے شعبے میں پندرہ یا اٹھارہ سال کا میرا تجربہ ہے، مختلف یونیورسٹیوں کے اندرونی معاملات سے میں آگاہ رہا ہوں۔ ہر یونیورسٹی کی اپنی ایک internal working ہوتی ہے جس کو internal politics بھی کہا جاتا ہے۔ یہ کام کرنے سے، Pakistan studies کے subject کو سلیبس سے نکال دینے سے ایک مسئلہ مزید اجاگر ہوا ہے کہ یونیورسٹیوں کے اندر turf wars یعنی زمینی جنگیں شروع ہو گئی ہیں۔

اب ہر department اپنی طرف کھینچنے کی کوشش کر رہا ہے کہ جو نیا subject آیا ہے، Ideology and Constitution of Pakistan اس کو کوئی قانون والے اپنی طرف کھینچنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ وسائل آجائیں گے اور افرادی قوت آجائے گی، کوئی history والے کھینچنے کی کوشش کر رہے ہیں، کوئی فلاسفی والے کھینچنے کی کوشش کر رہے ہیں، ہر جگہ پر chaos سامنے آرہا ہے۔

اگر آپ ہندوستان جائیں تو وہاں Indian studies پڑھائی جاتی ہے، لازمی ہوتی ہے۔ چین جائیں تو Chinese studies پڑھائی جاتی ہے۔ امریکہ میں American studies پڑھائی جاتی ہے، میں ہارورڈ یونیورسٹی میں قانون کی ڈگری لینے گیا تو پہلے semester میں لازمی کورس تھا Introduction to American Law کیونکہ وہ

Master level degree تھی لیکن گریجوایشن کے levelکے لئے اور پاکستان کی، یہ دیکھیں کہ یہ بھی بڑا المیہ ہے کہ کتنے زیادہ نوجوان جو ہماری آبادی کا اتنا بڑا حصہ ہیں، youth bulge کتنے لوگ پاکستان چھوڑ کر جانا چاہ رہے ہیں کیونکہ ہم نے Nationalismکے تصور کو buildنہیں کیا، اس کو inculcateنہیں کیا۔ اس کی تھوڑی بہت کوشش ہوئی ہے پچھلے چالیس، پنتالیس اور پچاس سال میں اس کو بھی ہم نے بالکل مٹا دیا ہے۔

اس لئے یہ بات ضروری ہے اور میں تائید کرتا ہوں اور میڈم چیئرپرسن، اس بات کو بہت سنجیدگی سے لینے کی ضرورت ہے اور اس پر اس ایوان سے بڑا واضح پیغام جانا چاہیے۔ یہ بات میں ایک اور حوالے سے کر چکا ہوں کہ جب ایک قانون بنا ہو، یہاں تو بہت سے قوانین بنے ہیں، ایوانوں سے گزر کر گیا ہو تو پارلیمنٹ کی توہین ہوتی ہے جب آپ اس کو اٹھا کر کوڑے کی ٹوکری میں پھینک دیتے ہیں۔ یہ قوانین بنے ہوئے ہیں۔ قوانین یونیورسٹیوں کے چارٹرز ہیں، مجموعی طور پر بھی عمومی Ordinances بھی ہیں، سب میں یہ لازمی statusہے اس مضمون کا اور بغیر کسی stakeholderکو consult کئے ہوئے، یہ HECکے اپنے SOPs بھی ہیں کہ Stakeholders کو consult کریں، جب بھی کوئی اہم ردوبدل کرنا ہے۔ بغیر کسی consultation ، بغیر اپنے ہی SOPs پر عمل کئے ہوئے ایک Notification issueکر دیا ، اس subject curriculum سے نکال دیا اور ایک نیا subject introduceکر دیا۔ اس لئے انتہائی ضروری ہے بلکہ قانون کی حکمرانی اور آئین کی بالادستی کے لئے یہ انتہائی اہم ہے۔ اور یہ نہ صرف پاکستان کی تاریخ نوجوان نسل کی اچھی اور اعلیٰ تعلیم اور تربیت دینے اور پاکستان میں ایک national identity اور قومی تشخص buildکرنے کے لئے بھی یہ انتہائی ضروری ہے کہ Higher Education Commission اپنے اس غیر قانونی فیصلے کو واپس لے اور Pakistan Studiesکے مضمون کو Bachelor levelکے لئے اس کی لازمی حیثیت فی الفور بحال کرے۔ بہت شکریہ۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ جی۔ جی سینیٹر مہر تاج روغانی۔

**Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani**

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: میڈم چیئرپرسن! شکریہ۔ مشتاق صاحب آج اتنے اہم issues لے کر آئے ہیں honestly کہ اگر ہم کل صبح تک بھی بیٹھیں تو یہ بحث ختم نہیں ہو گی۔ جو directly ہو گا وہ it is not related exactly to the syllabus لیکن یہ اور ٹریجڈی کی طرف ہے جو میں اور مشتاق صاحب صاحب پانچ سال سے fight کر رہے ہیں لیکن end result zero نکلا ہے، میں highlight کرنا چاہتی ہوں لیکن اس سے پہلے میں اس Chair پر بیٹھی اور مجھے آ کر وہاں سے اٹھایا like you know I was talking to the Health Minister about some very important issue. اور یہاں سے آئے اور مجھے اٹھایا گیا۔ مجھے یہ بتائیں کہ یہ کرسی untouchable کیوں ہے؟ میں تو جب ڈپٹی سپیکر تھی تو یہاں چیف منسٹر کی کرسی پر ہر کوئی بیٹھتا تھا۔ جب Chief Minister آتے تھے تو پھر میں انہیں کہتی تھی کہ اب اٹھ جاؤ۔

مجھے یہ بتائیں ان کے پاس میں گئی، کس قانون کے تحت تم نے مجھے اس chair سے اٹھایا، تو یہ کہتے ہیں کہ یہ rule میں ہے۔ میں نے کہا کہ rule نکالو تو ابھی تک rule ڈھونڈھ رہے ہیں، rule نہیں ہے۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: Rule نکالیں جی اور سینیٹر صاحبہ کو بتائیں۔

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: اگر میں آپ کی جگہ ہوں تو میں آج یہ پاس کرتی کہ anybody can sit on this Chair. Untouchable کوئی چیز نہیں ہے۔ صرف یہ ہے کہ جب وزیراعظم آئے یا وزیراعلیٰ آئے چاہے کسی بھی پارٹی کا ہو۔

This is very bad. Ok, coming to the HEC point.

ایک point ہے technology کا service structure، میڈم چیئرپرسن پچاس سال سے Technologists کا service structure نہیں ہے۔ مشتاق صاحب نے issue اٹھایا، میں لڑی، ہم دونوں لڑے پانچ سال لیکن end result zero by zero. دوسرا issue ہم نے اٹھایا NIC ایک یونیورسٹی ہے، اسے کہتے ہیں Newport Institute جو کراچی میں ہے۔ تو اس نے کچھ colleges affiliate کر لئے تھے and they were all from different provinces but at one stage they

کردی۔ What de-affiliationمیں کچھ گڑبڑ ہے توaffiliationکہ یہ thought happenedکہ جبde-affiliationہو گئی توalreadyجوaffiliatedتھےان کا تو کچھ کرنا تھانا۔ ان کو تو بیچ میں نہیں دکھتا تھا تو جب studentsلڑے توHEC pointsمیں آپ کو بتاتی ہوں،HECنے لکھاہے یہ ہے2011میں ،

"In order to safeguard that the future of the students who studied in affiliated universities, their degrees are recognized by HEC as per provided by the list of the students provided by the New Port University."

لیکن یہ 2011 ہے، آج تک ان کےstudentsکو recognize نہیں کیاگیا۔ میڈم چیئرپرسن لوگ رل رہے ہیں، لوگ تباہ ہو رہے ہیں، پاکستان چھوڑ رہے ہیں۔

خدا کے لیے! آپ اس کے ساتھ کیا کیا تجربے کر رہے ہیں؟ یہ نمبر ۲ تھا۔ نمبر ۳، اسی HECکے ساتھ law students کا امتحان تھا، بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی کو ہم نے قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت میں کئی بارdiscussکیا۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی، سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب نے سینیٹر رانا مقبول احمد صاحب کی سربراہی میں ذیلی کمیٹی بنائی۔ آپ کو معلوم ہے کہ رانا مقبول صاحب بھی وفات پاگئے۔ یہ قصہ ابھی تک لٹکا ہوا ہے، بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی کے law studentsکےexamsنہیں ہو رہے ہیں۔

ابھی مجھے کسی نےWhatsAppکیا ہے، یہ میں آپ کو سناتی ہوں، یہ سینیٹ کی ویب سائٹ پر بھی ہے۔ خدا کے لیے! کیا کر رہے ہیں، کہاں جا رہے ہیں؟ انہوں نے لکھا ہے کہ یہ پریس ریلیز سینیٹ کی ویب سائٹ سےdownload کی ہے۔ یہاں جو لکھا ہے،اس کے مطابق 2017 کے امتحانات ہو چکے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ 2017 کے امتحانات منعقد نہیں کیے گئے۔ یہ ویب سائٹ پر ہے۔ ایچ ای سی نے کہا ہے کہ ہم نے منعقد کیے ہیں۔۔۔۔۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحبہ! یہ HEC issue والےdiscuss کر رہے ہیں۔

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: مجھے ایک منٹ دے دیں، بس میں ختم کر رہی ہوں۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی۔

Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani: What I want to say is that for the sake of goodness, next time I may be there or I may not be there

لیکن ہمارے باقی لوگ ہوں گے تو براہ مہربانی HEC کا ایجنڈا لینا ہے۔ یہ ایک point نہیں ہے، اس میں ہزاروں points ہیں۔ میری بغل میں فائل ہوتی تھی اور وزیر تعلیم کے پاس دوڑ کر جاتی تھی، میرا خیال تھا کہ شاید he is a doer, میں بہت خوش تھی لیکن انہوں نے بھی کچھ نہیں کیا۔ میں بار بار جاتی تھی، چھ مرتبہ وزیر صاحب کے پاس گئی ہوں۔ ان سے ہمارے وزیر صحت کافی اچھے رہے ہیں۔ بہت شکریہ۔

میڈم پریذائڈنگ آفیسر: شکریہ، سینیٹر صاحبہ۔ جی سینیٹر فوزیہ۔

**Senator Fawzia Arshad**

سینیٹر فوزیہ ارشد: شکریہ، چیئرپرسن صاحبہ۔ معزز سینیٹر مشتاق صاحب نے HEC کے حوالے سے جو بات کی ہے۔ جو Pakistan Affairs کی induction ہوئی ہے، it is illegal, we all know that. ہوتا یہ ہے کہ ہمیں سب کچھ معلوم ہونے کے باوجود ہم اس پر کچھ بھی کارروائی نہیں کر پاتے۔ وجہ یہی ہے کہ ہمارے ملک میں جزاوسزا ہے ہی نہیں، احتساب ہے ہی نہیں، جس کا جو دل چاہتا ہے، جس کا پلڑا بھاری ہوتا ہے، وہ اپنی من موجی کر لیتا ہے۔ ایچ ای سی نے طلباء کی کافی حق تلفی کی ہے اور ان اساتذہ کی جو Pakistan studies پڑھا رہے تھے۔ کتنے ادارے، کتنی یونیورسٹیاں اور کتنے departments مطالعہ پاکستان پڑھا رہے ہیں، ان کے اساتذہ بے روزگار ہو رہے ہیں۔ Their students don't know about their future, they are in a state of confusion. They don't know what to do. انہوں نے ideology and constitution study کو ملا کر Pakistan Studies کو replace کیا ہے۔. it is uncalled for. جب already system میں کوئی چیز exist کرتی ہے، آپ نے اس کے parallel کس طرح اور کن وجوہات کی بنا پر اسے اپنا لیا۔ یہ تو override اور overstepping ہے اس Act کی جو 1918 میں بنا تھا۔

انہوں نے Act of Parliament کو تو بالکل ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا، کیوں؟ پارلیمنٹ اتناہی کمزور ادارہ ہے، مطلب اس کا کوئی status نہیں ہے۔ ہمارے Act of Parliament کی کوئی value نہیں ہے، ایچ ای سی نے اسے بالکل ہی overstep کر دیا ہے۔۔۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر مشتاق! آپ کا motion discuss ہو رہا ہے۔ جی۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: ایچ ای سی نے اسے بالکل ہی overstep کر دیا ہے۔ یہ تو سراسر ناانصافی ہے، illegal act ہے۔ یہاں کون ہے جس میں اتنی جسارت ہے کہ وہ اس Act کو ایچ ای سی سے لے کر reverse کر پائے۔ I would like to quote our Honourable Senator Mehar Taj Roghani جو انہوں نے Newports University کا کیا ہے۔ اس میں انہوں نے جتنے بچوں کی attestation کی تھی اس کو واپس لے لیا ہے اور وہ بچے 2011 سے بے روزگار ہیں، ان کی عمریں بڑھ گئیں ہیں، they can't compete anywhere, they can't sit in the CSS exams. ان کی عمریں بڑھتی جا رہی ہیں۔ کیا ہو رہا ہے؟ ہمارا تو مسئلہ یہ ہے کہ ہمارا education sector یتیم ہے، budget % 2 ملتا ہے اور جو universities پڑھا رہی ہیں، اس وقت HEC کی آنکھوں پر کالی پٹی بندھی ہوتی ہے۔ جب یہ بچے وہاں داخلہ لے رہے ہوتے ہیں، جب سارا کچھ ہو جاتا ہے تو یہ کوئی نہ کوئی میخ نکال دیتے ہیں اور ان بچوں کے ساتھ زیادتیاں ہو جاتی ہیں۔ ہم نے HEC کے ساتھ بہت جرح کیے ہیں اور بچوں کے حق کے لیے بات کی ہے۔

یہاں پر بھی یہی ہے کہ انہوں نے جو subject introduce کیا ہے، it is not required, it is an illegal thing which they have done. ہر ملک اپنی history پڑھاتا ہے، Pakistan Studies میں بھی ہمارے ملک و قوم کی history ہے، اس میں سارا کچھ پتا ہونا چاہیے and this subject is so important because this subject leads to patriotism. لوگ حب الوطن ہوں، بچوں کو آگاہی ہو کہ پاکستان بننے میں ہمارے بزرگوں کی کتنی کوششیں تھیں، اب پاکستان بنا ہے تو ہم اس کے لیے کیا کچھ کر سکتے ہیں۔ ہماری کیا shortcomings ہیں، ہماری کیا

strengths ہیں، اس کو لے کر وہ آگے بڑھیں۔ وہ research کریں، analytical studies ہوں نہ کہ پہلے سے موجود کسی چیز کو ختم کردیں، .This is uncalled for یہ میری recommendation ہے۔ میں اس پر کھڑی ہوں کہ Pakistan Studies کو بالکل بھی curriculum سے نہیں ہٹانا چاہیے۔ انہوں نے جو نیا Pakistan subject Affairs introduce کیا ہے،

it is an illegal introduction and it should be abolished. Thank you.

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی بہت شکریہ۔ یہ Important discussion ہے۔ جی سینیٹر ثانیہ۔

**Senator Sania Nishtar**

سینیٹر ثانیہ نشتر: شکریہ، میڈم چیئرپرسن، حکومت کا کوئی representative تو نہیں ہے---

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی یہاں پر کوئی نہیں ہے مگر وزیر صاحب کہاں ہے؟ اچھا، وزیر صاحب آگئے ہیں۔ جی۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: بہت مختصراً، میڈم چیئرپرسن! جو Motion کا subject تھا، وہ ایک specific subject تھا جو abolish کیا جا رہا ہے اور اس کی evolution کی support میں جو بھی بات colleagues نے کی ہے، I would like to second that but یہ ایک صرف subject کی evolution کا مسئلہ نہیں ہے،

It indicates a very deep distortion with respect to the manner in which we approach higher education because education in general and higher education in particular has a very profound impact on human development, on national development, on national progress and prosperity.

ہمارے ملک میں long term vision کی formulation کے حوالے سے ایک فقدان رہا ہے۔ میں آپ کو ایک example دوں کہ جب بھی کوئی ملک اپنی

education policies stipulate کرتا ہےتو اس کا یہ بھی objectiveہونا چاہیے کہ جو بھی human resources cultivate ہوں، ان کاملکی مسائل کو حل کرنے میں بھی کوئی کردار ہو۔

آپ آج کل کا O and A Levels کا curriculum دیکھ لیں،

I am not arguing that this is not a good thing to have brought these exams to the country but there should have been some tailoring to the local context.

اگرآپ کسی A level کے بچے سے پوچھیں جس کے پاس Law کا subject ہو تو وہ آپ کو Britain کی پوری legal history with examples بتادے گا لیکن اس کو پاکستان میں کوئی grounding نہیں ہے۔ and this cuts across every subject. میں مختصراًیہ کہنا چاہتی ہوں کہ this is not a matter related to the evaluation of one subject or the inclusion of another. Once again, I completely concur and support my colleagues. This is a fundamental and profound issue مگر ہم کس کس مسئلے کو روئیں، جب حکومتیں اتنی short term میں fire fighting میں لگی رہتی ہیں تو long term strategic چیزوں کا ہم نے تو نہیں دیکھا کہ کبھی کسی نے seriously ان پر deliberate کیا ہو but thank you for giving me the floor.

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: مہربانی سینیٹر صاحبہ۔ سینیٹر رضا ربانی صاحب! آپ اس topic پر کچھ بولنا چاہیں گے؟

Senator Mian Raza Rabbani: Not this time.

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر صاحب! آپ کچھ کہیں گے؟ Mic on کریں۔

**Senator Syed Waqar Mehdi**

سینیٹر سید وقار مہدی: شکریہ، میڈم چیئرپرسن! دیکھیں یہ بہت اہم issue ہے، میں تو سب سے پہلے کہوں گا کہ یہ نگران حکومت ہے اور نگران حکومت کو سابقہ حکومت نے ایک financial matter میں اختیار دیا تھا کہ وہ اس میں کوئی policy کے سلسلے میں نہ بات کر

سکتے ہیں یا بنا سکتے ہیں لیکن دیکھا یہ جارہا ہے کہ نگران حکومت تو روزمرہ کے امور کے علاوہ سارے کام کر رہی ہے۔

ان کو day to day updates دینا نگران حکومت کا کام ہوتا ہے لیکن یہ بہت ہی تشویش کی بات ہے کہ Higher Education Commission نے Pakistan Studies کو curriculum سے نکال دیا ہے اور افسوس کی بات یہ بھی ہے کہ نگران حکومت کے وزیر تعلیم ابھی تک آنکھیں بند کر کے بیٹھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے اس پر کوئی بھی action نہیں لیا، وزیر اعظم صاحب کو بھی اس پر action لینا چاہیے اور حکومت کو اس پر action لینا چاہیے تھا، انہوں نے تو حکومت سے پوچھنا بھی گوارا نہیں کیا۔ میں سمجھتا ہوں یہ پارلیمنٹ کی توہین ہے، اس پر جتنا سخت action لینا ہو، تو لینا چاہیے اور ان سے پوچھا جانا چاہیے۔ اب تو Standing Committees موجود نہیں ہیں، اگر قانون میں گنجائش ہے تو آپ سینیٹ کی کمیٹی بنائیں، ان کو بلائیں اور ان سے پوچھیں۔ ان کو توہین پارلیمنٹ کا نوٹس بھی جاری ہونا چاہیے۔ یہ کس طرح کے چیئرمین صاحب ہیں؟ انہوں نے act پڑھا ہے؟ انہوں نے کسی سے پوچھا بھی نہیں اور خود ہی مطلق العنان بن کر ایک حکم نامہ جاری کیا اور اس کو curriculum سے out کر دیا۔ یہ بہت زیادتی کی بات ہے، اس پر میں سخت احتجاج کرتا ہوں، اس کی مذمت کرتا ہوں اور آپ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ آپ اس پر ruling دیں اور اگر آپ ruling دے سکتی ہیں تو اس کو null and wide بھی قرار دیا جائے، شکریہ۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، سینیٹر سید علی ظفر صاحب آپ اس topic پر بولنا چاہیں گے؟

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: شکریہ میڈم چیئرپرسن! میں صرف مختصراً یہ کہنا چاہوں گا کہ سینیٹر مشتاق صاحب اور سینیٹر ولید صاحب نے جو مجھے بتایا جس سے مجھے علم ہوا کہ ہمارا کوئی قانون ہے جس قانون کے تحت graduate level پر Pakistan Studies compulsory subject ہے اور یہ بھی بتایا گیا اس کو syllabus سے بالکل ہی delete کر دیا گیا ہے، مجھے اس کا علم نہیں تھا لیکن اگر یہ بات صحیح ہے تو دیکھنا ہے اسے کس طرح بہتری کی طرف لے کر جا سکتے ہیں۔

کہا گیا ہے کہ Constitution and Ideology پڑھائی جارہی ہے، اس کا ایک subjectبنایا گیا ہے۔ مجھے experienceہے، میں یونیورسٹیوں اور کالجز میں Ideology, History, Constitution Law اور ہمارے جو آئینی تقاضے ہیں ان پر بھی بہت سارے لیکچرز دیتا ہوں۔ میری نظر میں جو Pakistan Studies ہے وہ بڑا vast subjectہے، اس کو آپ محدود نہیں کر سکتے، اس کے اندر پاکستان کی ideology بھی آجاتی ہے اور اس میں Constitutional Law and Constitutional History بھی آجاتی ہے۔ اگر واقعی ہم جب حکومت کی طرف سے سنیں گے، اگر واقعی انہوں نے یہ Subject delete کردیا ہے تو بہتر تجویز یہ ہے کہ syllabus میں تبدیلی کرکے Ideology and Constitutionalism کو Pakistan Studies میں ہی include کیا جائے، اس سے یہ ہوگا بچے Ideology بھی پڑھ سکیں گے، graduation level پر اس میں بھی مہارت حاصل کر سکیں گے اور Constitutional Law and History پر بھی مہارت حاصل کر سکیں گے۔ میری نظر میں Constitution بہت ضروری ہے جو ہم اپنی حاضر تاریخ میں دیکھ رہے ہیں کہ Constitution کو توردی کی ٹوکری میں پھینکا گیا ہے، Constitution کو کوئی سمجھتا بھی نہیں، جو سمجھتے ہیں وہ اس پر implement نہیں کرنا چاہتے اور confusion ہی confusion ہے۔ میرے خیال سے Constitutionalism بڑا اہم subject ہے، اس کو بھی compulsory ہونا چاہیے، Ideology of Pakistan پر بہت بڑی debate ہے، ہمیں اس پر debate کرنے کی ضرورت ہے، اس کو بھی syllabus میں ہونا چاہیے، آپ Pakistan Studies رکھیں، آپ دونوں کو Pakistan Studies کے broad subject میں ڈال دیں، میرے خیال سے یہ ایک option ہے۔ میں سننا چاہوں گا کہ جو Higher Education Commission ہے انہوں نے اس subject کو کیوں نکالا اور پھر ڈالا، کیا انہوں نے قانون نہیں پڑھا تھا؟ کیا ان کو قانون اجازت دیتا ہے یا نہیں دیتا؟ میں سننا چاہوں گا اور پہلے میں اس کا solution بھی پیش کرنا چاہوں گا کہ بہتر یہ ہے کہ Pakistan Studies کے ہی چھتری کے نیچے ان دونوں subjects کو syllabus میں include کر دیں، میری یہ تجویز ہو گی شکریہ۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، اس side سے اور کوئی بولنا چاہیے گا؟ سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: پہلے ان سے بات ہو جائے، میں اس وجہ سے آیا ہوں۔

(مداخلت)

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں بس ٹھیک ہے، سینیٹر صاحب آپ بولنا چاہیں گے؟ جی وزیر صاحب کو سنتے ہیں، would you like to sum-up? Please conclude the debate.

**Mr. Murtaza Solangi, Caretaker Federal Minister for Parliamentary Affairs**

جناب مرتضیٰ سولنگی: میڈم چیئرپرسن! متعلقہ وزارت اور HEC کی طرف سے مجھے اس بارے میں جو بھی بتایا گیا ہے وہ یہ ہے کہ HEC نے یونیورسٹیوں کو اپنے degree programmes سے Pakistan Studies کے ساتھ کسی خاص course کو خارج کرنے کا فیصلہ نہ تو کیا ہے اور نہ ہی مشورہ دیا ہے۔ Undergraduate Education Policy میں شامل تمام پالیسی دفعات صرف کم از کم سطح پر تجویز کی گئی ہیں اور یونیورسٹیاں جو خود مختار ادارے ہیں، اپنے متعلقہ قوانین اور قانونی اداروں کے ذریعے کام کر رہی ہیں، courses and degree programmes مقصد اور مواد میں مزید پختگی کا اضافہ کر سکتی ہیں۔ Higher Education Commission کی طرف سے حال ہی میں جاری کردہ undergraduate تعلیمی پالیسی جس کا ذکر ہوا، اس میں عمومی courses کے ایک set کا تصور پیش کیا گیا ہے جو تمام undergraduate degree programmes کے لیے لازمی اجزاء کے طور پر تجویز کیے گئے ہیں۔ تمام undergraduate degree programmes کے لیے پالیسی میں نظریہ پاکستان اور آئین پر ایک course متعارف کروایا گیا ہے جو کہ طلبا کے Pakistan Studies کے مضمون کے سابقہ علم کی بنیاد پر علم کو مزید وسعت دینے کے لیے Pakistan Studies, Ideology اور آئین پاکستان کے موضوعات کا امتزاج ہے، تاہم مذکورہ course Pakistan Studies کا متبادل نہیں ہے بلکہ اس میں Pakistan Studies اور آئین پاکستان کے دونوں موضوعات کا امتزاج موجود ہے۔ نظریہ

پاکستان اور آئین کے course کے علاوہ HEC متعلقہ stake-holders کے ساتھ مشاورت کر رہا ہے اور UG policy کے general education cluster میں Pakistan Studies کا two hours credit course تیار کرے گا، جس میں undergraduate degree مکمل کرنے کی لازمی ضرورت ہے، اس سلسلے میں ضروری رہنما خطوط اس کے مطابق تمام HEIs کو جاری کیے گئے ہیں۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر صاحب اس پر HEC کام کر رہا ہے۔

سینیٹر مشتاق احمد: میرے پاس اس کی پوری تفصیل پڑی ہوئی ہے یہ misguide کر رہے ہیں۔ آپ ruling دیں کہ Pakistan Studies کو قانون کے مطابق ختم نہیں کیا جا سکتا، نمبر ون۔ دوسری بات، جس طرح میں نے، سینیٹر علی ظفر صاحب اور باقی سینیٹرز نے بات کی کہ آپ Pakistan Studies کے مضمون میں Ideology of Pakistan and Constitutional Study کو component کے طور پر incorporate کریں لیکن آپ قانونی طور پر Pakistan Study کو ختم نہیں کر سکتے۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر صاحب سینیٹ اس کا نوٹس لیتی ہے کہ آپ Pakistan Studies کو ختم نہیں کر سکتے، ٹھیک ہے؟ شکریہ۔

جناب مرتضٰی سولنگی: شکریہ میڈم چیئر پرسن! میں نے متعلقہ وزارت اور HEC کی وضاحت آپ کے سامنے پیش کی، ایوان جو فیصلہ کرے گا ظاہر ہے ایوان ایک خود مختار ادارہ ہے اور اگر مزید کسی وضاحت کی ضرورت ہے تو متعلقہ سیکریٹری کو آپ بلا سکتی ہیں۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی اگر ضرورت پڑی تو ہم بلا لیں گے، کسی کمیٹی میں بلا لیں گے۔

(مداخلت)

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی بالکل ختم نہیں کریں گے۔ سینیٹر فیض محمد صاحب آپ اس پر کچھ بولنا چاہیں گے؟ وزیر صاحب تو بول چکے ہیں، sum-up تو ہو چکا ہے، ہم next agenda لیتے ہیں، Yes, Order No.13.

(مداخلت)

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر صاحب آج تو سارے motions آپ ہی کے ہیں۔

Agenda item No.30 to be presented by Senator Mushtaq Ahmed, he may please move it.

**Motion under Rule 218 moved by Senator Mushtaq Ahmed to discuss the increasing number of out of school children and its impact on country's future**

Senator Mushtaq Ahmed: I do hereby move to discuss the increasing number of out of school children and its impact on country's future.

یہ ایک بہت اہم موضوع ہے اور میں مختصراً صرف bullet points پر کچھ چیزیں ایوان کے سامنے رکھ دیتا ہوں۔ باقی اگر منسٹر صاحب اس میں جواب دینا چاہیں اور کوئی debate نہ کرنا چاہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

میڈم چیئرپرسن! یہ بھی ایک رپورٹ آئی حکومت پاکستان کی، اُس رپورٹ کے اندر یہ لکھا گیا ہے کہ پاکستان کے اندر جو out of school children ہیں اُس کی اس وقت تعداد بنتی ہے 2 کروڑ 62 لاکھ ہے۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: یہ بہت alarming ہے۔

سینیٹر مشتاق احمد: 2 کروڑ 62 لاکھ بچے اس وقت حکومت پاکستان کے وزارت تعلیم کے مطابق out of school children ہیں اور یہ پاکستان کے مستقبل کے لیے ایک بہت ہی خطرناک ہے اور alarming ہے۔ اگر آپ constitution کے Article 25 کو پڑھ لیں تو Article 25 میں right to education, the state shall provide free and compulsory education to all children of the age of 5 to 16 years. یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ 5 سے 16 سال کی عمر کے بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم ،اُس کے مواقع دیں اور اس کی سہولیات دیں۔ لیکن یہاں پر 2 کروڑ 62 لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ میں نے ورلڈ بینک کی ایک رپورٹ پہلے آپ کو پڑھ کر سنائی جو SOEs کے اوپر ہے۔ اس رپورٹ کے مطابق بھی 40% بچے غذائیت کی کمی کا شکار ہیں جس کی وجہ سے اُن کی سیکھنے کی صلاحیت کمزور ہے، اُن کی growth کی صلاحیت کمزور ہے اور اُن بچوں میں شرح اموات بہت

زیادہ ہے۔ ایک طرف تو ہمارے بچوں کے لیے تعلیم کے مواقع نہیں ہیں اور دوسری طرف 40% بچے غذائیت کی کمی کا شکار ہیں۔ Pakistan Institute of Development Economics (PIDE) کے مطابق پاکستان دُنیا کا دوسرا ملک ہے جس میں سب سے زیادہ بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ یہ کتنی شرم کی بات ہے کہ کرہ ارض کے اوپر ہم دوسرا ملک ہیں جس میں سب سے زیادہ out of school children موجود ہیں۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر! میں آپ کو بتاؤں کہ اس وقت پنجاب کے اندر 11.07 million kids out of school ہیں۔ سندھ کے اندر 7.06 million kids out of school ہیں۔ خیبر پختونخواہ کے اندر 3.06 million kids out of school ہیں۔ بلوچستان ایک چھوٹا سا صوبہ ہے اور اس کے اندر 3.13 million kids out of school ہیں اور اسی طرح ICT کے اندر 8 لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ اسلام آباد کے اندر پاکستان کی وزارت تعلیم کی رپورٹ آٹھ لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ یہ تمام اعداد و شمار بہت ہی خوفناک ہیں اور اس کے بہت ہی خطرناک اثرات ہمارے مستقبل کے اوپر پڑیں گے۔ میں آپ کو مزید دلچسپ اعداد و شمار بتاؤں کہ اس وقت teacher and student ratio پرائمری سطح پر، پاکستان میں تقریباً 39% کی بنتی ہے یعنی 39 بچوں کے لیے پرائمری سطح پر ایک سکول ٹیچر ہے۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر! اب آپ خود بتائیں کہ ایک استاد 39 بچوں کی care کیسے کرے گا؟ اس کو کیسے پڑھائے گا تو student and teacher ratio وہ بھی بہت خطرناک ہے اور کوئی بھی معیار کے مطابق نہیں ہے۔

میں آپ کو ایک اور چیز بتاؤں کہ teacher and student ratio تو 39% کی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ جو سہولیات ہیں تو اُن کی ration کچھ یوں کہ toilet facility کو آپ بطور ایک مثال لے لیں۔ آپ اگر بلوچستان کو دیکھیں تو 33% سکولوں میں وہاں کوئی toilet نہیں ہے۔ 42% آزاد جموں و کشمیر میں اور 57% صوبہ سندھ میں اور اسی طرح 24% پورے پاکستان میں ایسے سکول ہیں جہاں پر toilet کی بطور مجموعی کوئی سہولیات میسر نہیں ہیں۔

اسی طرح پینے کے لیے صاف پانی کی سہولیات ہمارے سکولوں کے اندر موجود نہیں ہیں۔ میں آپ کو بتاؤں کہ مجموعی طور پر ہمارے سکول بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ہماری literacy rate 59.1 % ہے اور kids 40.1 % ہمارے پاکستان میں ان پڑھ ہیں۔ ہمارے بچے بالکل تعلیم حاصل نہیں کر رہے۔ انڈیا میں اس وقت literacy rate 80% ہے حالانکہ ہم ایک ساتھ ہی آزاد ہوئے ہیں اور ہم 59.1 % پر ہیں اور انڈیا اپنے literacy rate کو 80% تک لے گئے ہیں۔

میڈم! میں اپنی بات کو سمیٹتے ہوئے صرف یہ کہوں گا کہ اس کا impact ہمارے future پر کیا ہوگا؟ اس کا impact ہمارے مستقبل پر یہ ہوگا کہ 10 سال کے بعد 44% بچے ہیں یا پھر 40% بچے ایسے ہیں جو کہ آج سکولوں سے باہر ہیں یہ دس سال کے بعد نوجوان ہو جائیں گے تو آپ کی یہ آبادی ان پڑھ ہو گی اور ان کو نہ human rights کا پتا ہوگا اور اسی طرح نا ہی اپنے حقوق کا پتا ہوگا کیونکہ سرے سے تعلیم اور ہنر ہی نہیں ہے۔ یہ غربت کے اندر اور پسماندگی کے اندر ہوں گے اور پھر ہوگا کیا ہمارے ملک میں لاقانونیت اور street crimes میں اضافہ ہوگا۔

آج ہم ایک time bomb کے اوپر بیٹھے ہوئے ہیں۔ ایک time bomb کے اوپر جب explode ہوگا، جب جہالت بھی ہو، جب غربت بھی ہو، جب مذہبی اور لسانی انتہاء پسندی بھی ہو، جب علاقائی انتہاء پسندی بھی ہو اور establishment and estate organizations ان انتہاء پسندوں کو اپنے strategic مقاصد کے لیے استعمال کر رہے ہوں تو پاکستان پھر تو ایک time bomb ہے۔ یہ تو کسی بھی وقت پھٹ جائے گا اور اس کا social fabric تباہ ہو جائے گا۔ آج یہ صورت حال اس لیے ہے کہ education کے لیے مناسب funds میسر نہیں ہیں اور ہماری حکومتوں کی کبھی priority نہیں رہی۔ ہماری صوبائی حکومتیں ہوں یا پھر وفاقی حکومت ہو بد قسمتی سے تعلیم سرے سے کسی کی بھی priority نہیں رہی ہے۔ تعلیم کی مد میں poor allocation of funds کی وجہ سے ہم تعلیم میں آگے نہیں بڑھ سکے۔ ہماری poor policy making and lack of poor governance ہے poor infrastructure and poverty and lack of awareness، یہ وہ تمام وجوہات ہیں جس کی وجہ سے ہم آگے نہیں بڑھ سکے ہیں۔

میں آخر میں درخواست کروں گا کہ جیسا کہ میں نے economy کے اوپر بات کی کہ سیاسی جماعتوں کو دو میثاق کرنے چاہیے ایک میثاق معیشت charter of economy اور اس میں charter of education and across the board تمام سیاسی جماعتیں شامل ہوں جس کی بھی حکومتیں ہوں لیکن اپنے مستقبل کے لیے اپنے پاکستان کے لیے، اپنے بچوں کے لیے تمام political parties, charter of economy جس میں minimum چیزیں ہوں، اُس پر تمام سیاسی جماعتیں متفق ہو جائیں۔ ہم اس بات پر متفق ہو جائیں کہ کوئی بھی جماعت حکومت میں ہو، اس پر کوئی violation نہ کی جائے۔ اسی طرح charter of education کیا جائے تاکہ ہم اپنے بچوں کو تعلیم دے سکیں اور اپنے مستقبل کو محفوظ کر سکیں۔

میں تمام political parties سے، اس ایوان سے اور آئندہ جو حکومت بن رہی ہے میں اُن سے بھی یہ درخواست کروں گا کہ وہ اس پر غور و فکر کریں۔ آپ کا بہت شکریہ۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ مشتاق صاحب۔ سینیٹر میاں رضا ربانی صاحب، آپ کی light بہت دیر سے flicker کر رہی ہے۔ میرا خیال ہے کہ آج، آپ بہت تھکے ہوئے ہیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: نہیں جی. I am waiting for point of order.

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: اچھا ٹھیک ہے۔ جی، سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی صاحبہ پلیز۔

**Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani**

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: میڈم پریذائیڈنگ آفیسر صاحبہ، میں سب سے پہلے سینیٹر مشتاق احمد کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی کہ آج وہ ایک بہت important points ایوان میں لائے ہیں۔ آج تو انہوں نے health really کو بھی touch کیا۔ انہوں نے informality بتا دیے اور malnutrition بھی بتا دیے اور stunting بھی بتا دی، thank you very much Mr. Mushtaq Ahmed Sahib. اب میں صرف female education پر بات کروں گی اور میں اپنی بات شروع کرنے سے پہلے کہوں گی کہ ہم ان ایوانوں میں اپنا رونا رو رہے ہیں اور میرا چھٹا سال ہے، آخری سال ہے۔ ہم روتے

رہے، روتے رہے، روتے رہے، کیا اس کا کوئی نتیجہ end میں نکلے گا یا نہیں نکلے گا؟ یا ہم ایسے ہی روتے جائیں گے۔ کیا ہم ایسے ہی روتے جائیں گے اور time گزرتا جائے گا؟

میں dropout, female کی بات اس لیے کر رہی ہوں کہ ages ago میں نے ایک paper پڑھا تھا انڈیا میں کہ جس کا موضوع تھا girl child تو اس میں dropout کا ذکر تھا۔ تو میں نے تھوڑی سی research کی اور جب میں نے dropout کے بارے میں کچھ سوالات کیے mother سے تو mother کہتی تھی کہ میں اپنی بیٹی کو سکول اس لیے نہیں بجھواتی کہ کسی کے گھر میں کام کرے گی تو میرے لیے پیسا کمائے گی۔ میں بیٹے کو ٹھیک ہے پڑھاؤں گی، مگر بیٹی کسی کے گھر کام کرے گی تو اُس نے ایک reason یہ دی تھی۔

نمبر دو، جو being doctor مجھے بہت عجیب لگا mother کہتی تھی کہ میں pregnant ہوں اور جب میرا بچہ پیدا ہو گا تو یہ بچی look after کرے گی۔ Imagine کریں کہ a seven and eight years old girl will be babysitting for the next child یہ ہم کیا کر رہے ہیں؟ میں نے سالوں سال پہلے یہ paper پڑھا تھا۔ The thing is not change now? اور اگر اُس وقت سے اب تک change ہو جاتا، ابھی بھی KP میں dropout rate جب ہماری پچھلی حکومت تھی تو بہت زیادہ تھا۔ ہماری حکومت نے کیا کیا کہ ان لڑکیوں کو incentive دینا شروع کیا۔

یہ incentive کم تھا، بہت زیادہ پیسے نہیں تھے بلکہ تھوڑے پیسے تھے لیکن after that ہم نے دیکھا کہ لڑکیوں کا dropout کم ہو گیا اور enrolment بڑھ گیا۔ تو میری ایک piece of suggestion ہے کہ please منسٹر صاحب تو بیٹھے ہیں اور پتا نہیں آگے کوئی یہ پیغام پہنچائے گا کہ نہیں، girls کو آپ لوگوں نے کوئی stipend ضرور دینا ہے۔ یہ ہم نے KP میں کیا ہے اور اس سے لڑکیوں کا dropout rate کم ہوا ہے۔ تو میری یہ suggestion ہے کہ please ایسا کریں۔ Thank you very much.

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحبہ بہت شکریہ۔ سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ۔

Senator Fawzia Arshad: Thank you madam Chairperson. It is a subject very close to my heart as being an educationist, I taught for 27 years in Islamabad

and since I am a senator from Islamabad, I feel very much for ICT like honourable Senator Mr. Mushtaq had given the ratio, numbers, and figures.

اس میں آپ نے سن لیا ہوگا کہ پورے پاکستان میں کتنا زیادہ پڑھائی کا فقدان ہے اور unfortunately میرا خیال ہے کہ ہماری government اس پر کوئی توجہ نہیں دے رہی اور نہ دینا چاہ رہی ہے۔ This is the Islamic republic of Pakistan اور ہم بحیثیت مسلمان جیسا کہ پہلی وحی رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوئی اس میں ذکر تھا 'اقرا' کا جس کے معنی ہیں read, study.

جیسا کہ ہمارے دین نے بھی ہمیں درس دیا ہے کہ آپ کو تعلیم کے حصول کے لیے چین بھی جانا پڑے تو جائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم نے یہ بھی دیکھا، سنا، پڑھا اور ہماری احادیث میں یہ بھی لکھا ہے کہ جو prisoners of wars ہوتے تھے تو رسول اللہ ﷺ نے یہی فرمایا کہ دس بچوں کو پڑھاؤ گے تو رہائی مل جائے گی۔

ہمارے مذہب اسلام میں بھی تعلیم کی بہت زیادہ اہمیت ہے اور ہم مسلمان ہونے کی ناتے اور ہمارا جو ملک ہے وہ according to the figures ہم تعلیم میں کتنے پیچھے ہیں۔ ہمارے constitution کے Article 25A میں یہی بات کہی گئی ہے کہ

the State shall provide free and compulsory education to all children of the age of five to sixteen years in such manner as may be determined by the law.

جس میں آپ نے ان کو ہر چیز دینی ہے۔ کوئی discrimination نہ ان کی caste پر ہے، نہ ان کے عہدے پر ہے، نہ ان کی کسی اور چیز پر ہے۔ مگر بد قسمتی سے جو میں نے دیکھا when I was the chairperson of the Union Council-28 وہاں اتنی زیادہ discrimination ہوتی تھی اور underprivileged لوگوں کو کسی بھی اچھے تعلیمی ادارے میں admission نہیں ملتا تھا۔ بالخصوص ہمارے دارالحکومت اسلام آباد کا جو educational system ہے، it is divided into two. ایک آپ کا IMSG system ہے اور دوسرا federal government system ہے۔ Federal

federal اور اسی government system is a bit inferior quality government systemکے زیادہ تر schoolsہمارے rural areasمیں ہیں۔

ابھی مجھے نہیں پتا کہ ہمارے دارالحکومت اسلام آباد میں کتنی یونین کونسل ہیں لیکن پرانے 2015-21 dataکے مطابق ان کی تعداد پچاس تھی۔ ان میں سے بتیس یونین کونسل they were falling in rural areas and eighteen in urban areas. Rural areas میں ہمارے federal governmentکا نظام تعلیم اپنایا جاتا ہے اور بنیادی تعلیم بھی ان ہی کے ذمہ ہے۔اور IMSG system is a programme for Islamabad model schools, this is only for the elites. It is for those childrenجو سیکریٹری کے بچے ہیں، ان کو منسٹر کی recommendationپر admission مل جاتا ہے اور غریب اور underprivileged بچوں کو merit پر نام آنے کی باوجود admissionنہیں ملتا۔ تو اسلام آباد میں 27 square kmکے رقبہ پر out of school children کی تعداد مشتاق صاحب نے آٹھ لاکھ بتائی ہے۔ لیکن میرے پاس Ministry of Educationکے تازہ اعداد و شمار ہیں اور ان کے مطابق یہ اسی سے نوے ہزار ہیں۔

I am operating a small NGO by the name of Pakistan Teachers Forum and my concentration is only on zero out of school children in ICT. Ministry of Education has done a remarkable job by encouraging private sector organizations like me

کہ وہ آئیں اور ان کے ساتھ partnership کر کے ہم out of school childrenکے لیے کچھ کریں۔ لیکن ان کی یہ کاوش ہمارے اس مسئلے کا مطلوبہ حل فراہم کرنے کے لیے کافی نہیں ہیں۔ فقدان کس چیز کا ہے، صرف وسائل کا۔ ہمارے پاس budgetنہیں ہے۔ ہر ایک کو پیسہ نہیں مل سکتا اور وہ ہر ایک کو cater نہیں کر سکتے۔ تو یہاں پر یہی ہو رہا ہے کہ بچوں کو آپ تعلیم تو دے ہی نہیں رہے ہیں۔

میں child labourپر بھی ایک amendment billلائی تھی اور اس میں یہی تھا کہ اگر child labourمیں والدین بچوں کو ڈالتے ہیں اور جو ایسے بچوں کو hire کرتا ہے، ان

دونوں کو کچھ نہ کچھ سزا ہونی چاہئے۔ مگر obviously we make laws, we make amendment bills but they is no implementation. یہ ہمارے ملک کے نظام کی ایک افسردہ بات ہے۔ تو اس میں یہی ہوتا ہے کہ بچوں کو، کہ جیسے ایک علاقہ G-7/2 میں میرا پہلا project تھا اس میں نے low caste, slum area کے بچوں کو ڈالا اور جب کرسمس آئی تو ان بچوں کو ان کے والدین نے withdraw کر لیا اور اب وہ ان کو نہیں لانے دے رہے ہیں کیوں کہ ان بچوں سے ان کو ایک income آئے گی۔ Unfortunately ایسا نہیں ہے۔ ہم ایک غریب ملک ہیں اور ایک گھر میں چھ چھ آٹھ آٹھ بچے ہوتے ہیں اور کمانے والے ایک یا دو ہوتے ہیں۔ تو یہ ان کی بھی ضرورت ہے لیکن یہ ضرورت پھر بچوں پر زحمت بن کر نازل ہوتی ہے۔ یہ ایک غلط طریقہ ہے کہ ہم بچوں کو چھوٹی عمر سے ہی بڑا بنا دیتے ہیں اور ان کی زندگی میں کوئی بچپن ہوتا ہی نہیں ہے۔ انہوں نے کھیل کود نہیں کیا، انہوں نے کبھی اپنے آپ کو بچہ سمجھا ہی نہیں اور انہیں یہ علم نہیں ہے کہ وہ بھی آزادانہ زندگی جی سکتے ہیں۔

Stunting کا مسئلہ بھی ایک بہت اہم اور alarming ہے جس کی بنا پر بچے اگر سکول جاتے بھی ہیں تو ان کے پاس اتنی thinking capacity ہی نہیں ہوتی۔ لاہور میں ایک ٹرسٹ ہے جس کا نام 'اللہ والا ٹرسٹ' ہے، ہم ان کو اسلام آباد میں لے کر آئے اور I was the one who introduced them الحمدللہ۔ 423 سکولوں میں سے ساٹھ سرکاری سکولوں میں اب ہم بچوں کو meals regularly دے رہے ہیں۔ اس سے نہ صرف بچوں کی enrolment بڑھی ہے بلکہ ان کی capacity to think, retention and memory بھی اچھی ہو رہی ہے۔ Their siblings are also coming to study کیوں کہ ایسے بچوں کو ایک وقت کا کھانا سکول دیتا ہے۔ تو والدین پر بوجھ نہیں ہوتا and they are very happy about that.

تو میری اس August House میں آپ تمام سے یہ request ہے کہ ہم جو civil society کے لوگ ہیں ان کو اتنے مراحل سے گزر کے، ہمیں Ministry of Education, PPDU والے اتنی مشکلوں سے bidding کرتے ہیں اور اس میں پھر، جیسے میں نے چار سو کے لئے apply کیا تھا لیکن مجھے چالیس بچے دیے۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ میں غلط

بھی ہوں کہ انہوں نے اپنا بجٹ لے لیا ہوگا مگر ہو سکتا ہے میں 100 percent غلط ہوں مگر میں انسان ہونے کے ناتے سے یہ بات کر رہی ہوں۔ تو ہمارے لئے جو مراحل ہیں for helping the government as private people وہ ذرا آسان کریں۔ Loans وغیرہ تو ہمیں نہیں ملتے مگر جو کچھ بھی ہے، ہم اگر ministry of education میں بغیر کسی reference کے جائیں تو ہماری کوئی شنوائی نہیں ہوتی۔ یہ ایک بہت serious issue ہے۔ ہم سب نے مل جل کے اس کے لئے کام کرنا ہے۔ ہم سب یہاں پر صاحب حیثیت ہیں۔ اگر ہم ایک ایک بچہ بھی adopt کر لیں اور مہینے کے دو دو ہزار روپے بھی دے دیں تو ہم اپنے ملک اور قوم کے لئے بہت بڑا کام کریں گے۔ شکریہ۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

(مداخلت)

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی ٹھیک ہے۔ اس کو دیکھ لیتے ہیں جی۔ سینیٹر ابڑو صاحب کی باری ہے جی۔ ان کی light flick کر رہی ہے۔ اس کے بعد دیکھ لیتے ہیں۔ جی سینیٹر ابڑو صاحب، آپ کے پاس صرف دو منٹ ہیں جی۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ بزنجو صاحب کو موقع دے دیں۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی بزنجو صاحب۔

سینیٹر محمد اسد اللہ خان بزنجو: شکریہ میڈم چیئرپرسن۔ ابھی دیکھیں۔۔۔

**Senator Muhammad Tahir Bizinjo**

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: محترمہ چیئرپرسن! کوئی دو گھنٹے سے ان مسائل پر بات ہو رہی ہے، اس میں دو رائے نہیں ہے کہ ہمارے محترم دوست سینیٹر مشتاق احمد صاحب نے motion move کیا ہے، اس کی ایک بہت بڑی اہمیت ہے، ہم اس پر کوئی دو گھنٹوں سے بحث و مباحث کر رہے ہیں اور تقریباً چھ سال سے ہی کر رہے ہیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ملک کے سیاسی اور معاشی مسائل ہیں، ان سب کا حل ملک کے آئین میں ہے۔ ہم سب کو یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ جب تک آئین کی اصل روح کے مطابق عمل درآمد نہیں ہو گا، ہم سارا دن چیخیں اور چلائیں تو یہ مسائل جوں کے توں رہیں گے۔ آپ کا شکریہ۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا بہت شکریہ۔ جی سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میڈم چیئرپرسن! آپ کا شکریہ۔ سینیٹر مشتاق احمد صاحب نے بہت اہم مسئلہ آپ کے سامنے پیش کیا ہے، اگر آپ ان figure کو دیکھتے ہیں اور اس پر mind apply کرتے ہیں تو خوف زدہ ہو جاتے ہیں یعنی جب انہوں نے دو کروڑ باسٹھ لاکھ کی figure پاکستان میں ان بچوں کی لی ہو گی جو بچے school میں نہیں جاتے۔ آج آپ اس issue کو discuss کر رہے ہیں تو یہ بچے پونے تین کروڑ ہو چکے ہوں گے۔ یہ پونے تین کروڑ بچے کیوں ہو چکے ہوں گے، یہ میری اور آپ کی وجہ سے ہو چکے ہوں گے۔ ہم سارے اس بات پر کبھی سوچتے ہیں کہ اللہ پاک جو رب ہے، کیا اس رب نے اس طرح ناانصافی کی ہو گی کہ میرے بچے باہر پڑھیں اور کسی اور کے بچے school تک نہ جائیں۔ نعوذ باللہ، توبہ ہے کہ اللہ پاک اتنا ناانصاف نہیں ہے تو پھر یہ پاکستان کے حالات کے مطابق ٹھیک ہوتی، شاید ہم کہتے کہ دو کروڑ باسٹھ لاکھ بچے یا پونے تین کروڑ بچے جو کہ ایک خاص percentage ہے جو ہماری آبادی کی بڑی اہم ایک certain percentage ہے۔ ہم مسلمان ہیں اور یقیناً ہم مسلمان ہیں تو ہمیں اس بات پر mind apply کرنا چاہیے کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ تین کروڑ بچے school سے باہر ہیں؟ ایک خاص طبقے کے بچے پاکستان میں ہیں تو وہ اچھے schools میں پڑھتے ہیں اور اس کے بعد وہ ملک سے باہر school, colleges and universities میں جاتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ یہاں پر عدم توازن ہے، اس میں ہم نے کہیں نہ کہیں یہ عدم توازن خود پیدا کیا ہے کیونکہ یہ عدم توازن قدرت پیدا نہیں کرتی، اس کا نظام توازن سے چلتا ہے، وہ رب ہے تو وہ سب کا رب ہے، آپ، میرا اور سب کا رب ہے۔ یہاں پر سب سے بڑا مسئلہ عدم توازن کا ہے کہ کسی کے بچے ان schools میں جاتے ہیں، ہماری زبان سے جن کا نام صحیح طور پر ادا نہیں ہوتا اور کسی کے بچے کو school کی شکل باہر سے بھی دیکھنی نصیب نہیں ہوتی یا ان کے لیے toilet بھی نہیں ہوتا اور ان کے لیے وہاں پر استاد بھی نہیں ہوتا، وہ نام کا school ہوتا ہے اور لوگ وہاں پر اپنے مویشی باندھتے ہیں۔ ان schools میں استاد لگتے ہیں جو صرف تنخواہ لینے جاتے ہیں یا وہ استاد تنخواہ کی certain percentage مجھ اور آپ جیسے لوگوں کو دیتے ہیں کیونکہ ہم نے ان کو لگوایا ہوتا ہے۔

میڈم! کیا اس ملک میں تعلیم priority ہے، اس کا جواب اپنے اپنے دل سے لے لیں کہ اس ملک میں تعلیم priority ہے تو پھر ٹھیک ہے پھر اس priority پر لوگوں نے mind بھی apply کیا ہو گا۔ اس کے لیے لوگوں نے اس کے مسائل کا حل بھی سوچا ہو گا، تعلیم ہماری کبھی بھی priority نہیں رہی ہے۔ اس پر بہت سارے seminars ہوئے، ساری پارٹیوں نے commitment کی کہ تعلیم کی خاص percentage کو constitutionally ensure کریں گے تاکہ تعلیم کا ایک معیار ہو اور تعلیم کی ایک certain percentage ہو لیکن کسی پارٹی نے اس commitment کو کبھی بھی پورا نہیں کیا۔ Literacy rate کی بات کی جاتی ہے کہ پاکستان میں 56% literacy rate ہے اور India میں literacy rate 80% ہے۔ آپ کے literacy rate میں قرآن شریف کا پڑھنا بھی شامل ہے جو کہ ہماری خواتین اور مردوں کو خود بخود پڑھنا آتا ہے، ان کو مائیں اور باپ سکھا دیتے ہیں، ہم نے اس کو بھی literacy rate میں شامل کیا ہوا ہے تاکہ جو بین الاقوامی ادارے کے سامنے اس طرح سے جواب دینا ہوتا ہے۔ ہم یہاں پر بھی جھوٹ بولنے کے لیے قرآن شریف استعمال کرتے ہیں۔ یہ قرآن شریف literacy rate میں نہیں آتا ہے، ہمارا یہ ایک مذہبی فریضہ ہے، شاید میں نہیں پڑھتا تو میرا اسلام خطرے میں پڑ جاتا ہے لیکن ہم نے یہاں پر قرآن شریف اور اسلام کو جھوٹ بولنے کے لیے استعمال کیا ہوا ہے ورنہ ہمارا یہ literacy rate نہیں ہے۔ آپ India کے literacy rate پر trust کریں اور آپ اپنے literacy rate پر trust نہ کریں۔

میڈم! میں بات کر رہا تھا کہ اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کی وجہ ہے کہ تعلیم ہماری priority نہیں ہے، بحیثیت قوم ہماری priority نہیں ہے، بحیثیت سیاسی جماعت ہماری priority نہیں ہے اور بحیثیت انسان ہماری priority نہیں ہے۔ مجھے بہن کی ایک بات بہت اچھی لگی، وہ کہتی ہیں کہ کم از کم symbolically ایک بچہ adopt کر لیں، ہم اپنے بچوں کو باہر پڑھاتے ہیں۔ اس کے لیے Rs.2000/- fix نہ کریں، symbolically ایک بچہ adopt کریں اور اس کو اپنا نام دے دیں یا اپنی بیوی کا نام دے دیں۔ اس کو at least اس standard کے مطابق تعلیم دلوائیں جس طرح آپ اپنے بچے کو تعلیم دلواتے ہیں، شاید تب لوگوں کے ذہنوں میں یہ احساس آگے بڑھے۔

میڈم! یہاں پر مسئلہ وسائل کا نہیں ہے، یہاں پر مسئلہ وسائل کی عدم تقسیم کا ہے۔ ہم بڑی بڑی گاڑیوں میں پھرتے ہیں، ہم ایک شاہانہ زندگی گزارتے ہیں اور عام طور پر ان بڑی بڑی گاڑیوں میں پھرنا اور شاہانہ زندگی گزارنا، یہ سرکار کے خرچے پر ہوتا ہے، ہم سرکار کے خرچے پر یہ شاہانہ زندگی گزارتے ہیں۔ ہم یہ شاہانہ زندگی گزارنا بند کر دیں اور ان وسائل کو divert کر دیں، ان کا رخ ان بچوں کی تعلیم کے لیے موڑ دیں تو شاید ان بچوں کے کچھ تھوڑے بہت مسائل حل ہو جائیں۔ میڈم! ہمارے ہاں ایک بہت بڑا مسئلہ ہے، ہماری تعلیم کا concept ہے، وہ تعلیم برائے روزگار ہے۔ ہم اپنے بچوں اور دوسرے بچوں کو اس لیے تعلیم دیتے ہیں کہ شاید ان کو روزگار اچھا ملے گا۔ روزگار کا یہ حال ہے کہ اس وقت ہمارے ہاں بلوچستان میں at least کسی کی جس post کے لیے خواہش ہوتی ہے، وہ class 4 کے ملازمین کے لیے ہوتی ہے تو ہم آنے والے اپنے بچوں کو class 4 کی نوکری بھی نہیں دے پا رہے۔ ان کو تعلیم حاصل کرنے کے بعد آگے کوئی مستقبل نظر نہیں آ رہا جب مستقبل نظر نہیں آ رہا تو ماں باپ کے لیے نفع بخش کام یہ رہ جاتا ہے، اگر باپ دکاندار ہے تو وہ اپنے بچے کو دکان پر ساتھ بٹھا لے اور ماں اپنے ساتھ کام میں لگا لے۔ اس طرح وہ اپنے فوری مسائل کو حل کرنے میں لگے رہتے ہیں لیکن اس بچے کی تعلیم پوری نہیں ہو سکتی۔ یہاں پر ایک چیز ایک class پیدا کر رہی ہے، ہم اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم دلاتے ہیں، ہم اور آپ جیسے لوگ ہیں، وہ اس طرح کر رہے ہوتے ہیں۔ آپ تعلیم کو جب تک ایک خاص مخصوص سمت میں نہیں لے جائیں گے۔ آپ کے ہاں آبادی زیادہ ہے، میں یہ نہیں کہوں گا کہ آپ آبادی کو control کریں، نہ یہ ہمارا culture ہے اور نہ ہی ہمارا مذہب ہمیں یہ سکھاتا ہے لیکن آپ آبادی کو ایک opportunity میں convert کر سکتے ہیں۔ آپ opportunity میں اس طرح سے convert کر سکتے ہیں کہ آپ ان بچوں کو فنی تعلیم دینا شروع کر دیں جس کے نتیجے میں روزگار پیدا ہو گا۔ آج آپ کوئی electrician لینے جائیں، آپ plumber لینے جائیں، آپ کو گاڑی کے لیے مستری کی ضرورت ہو لیکن آپ کو کوئی اچھا کاریگر نہیں ملے گا۔ ہم اپنی تعلیم کو اس فنی تعلیم کی طرف convert کریں اور فنی تعلیم کے ساتھ ساتھ کوئی انگریزی، اردو، حساب، اسلامیات اور اس طرح کے کوئی دوسرے چھوٹے موٹے مضامین بھی رکھ لیں تو میرے خیال میں اس خاندان کے لیے زیادہ attractive ہو گا کیونکہ آج کی تعلیم اسے attract نہیں کر رہی ہوتی۔

میرے بھائی نے بھی بتایا کہ بلوچستان کے حالات باقی صوبوں سے زیادہ خراب ہیں۔ ہماری آبادی بہت تھوڑی ہے مگر تھوڑی آبادی سے بچے سکول نہیں جاتے جب اس بات سے relate کریں گے تو آپ کو پتا چلے گا کہ ہمارے بچے تو بالکل ہی سکول نہیں جاتے۔ ہمارے ہاں سینڈک بھی ہے، کہنے کو ہمارے ہاں ریکوڈک بھی ہے، آپ ایٹمی دھماکوں کے لیے بھی ہماری زمین استعمال کرتے ہیں مگر ہمارے بچوں کی زندگی پڑھنے کی بجائے آوارہ گردی میں گزر رہی ہے۔ آپ کیا چاہتے ہیں کہ بلوچستان سے اس کے بعد جو کچھ بھی نکلے گا وہ اتنا ختم ہو گا اور اس طرح کے لوگ ہوں گے جو شاید اپنا صوبہ بھی کل کو نہ سنبھال پائیں۔ خدا کے لیے اس ملک پر رحم کریں اور اس آبادی پر رحم کریں۔ بہت شکریہ۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ Minister Sahib, would you like to sum-up?

**Mr. Murtaza Solungi, Minister for Parliamentary Affairs**

جناب مرتضیٰ سولنگی: بہت شکریہ، میڈم چیئرپرسن۔ Pakistan Education Statistics یہ وزارت تعلیم کے ماتحت ایک ادارہ ہے جو کہ 1982 سے اب تک ہر سال تعلیمی اعداد و شمار جاری کرتا ہے جو کہ تمام صوبوں کی طرف سے مہیا کی گئی فہرست پر مبنی ہوتا ہے۔ آئین کے Article 25-A کے تحت بچوں کی تعریف پانچ سے سولہ سال کی عمر کے حوالے سے ہے۔ اس ضمن میں out of school بچوں کے بارے میں ہر پانچ سال کے بعد survey کیا جاتا ہے۔ موجودہ survey 2016-17 کے بعد پھر 2021-22 میں کیا گیا تھا۔ 18th Amendment کے بعد چونکہ اب یہ صوبائی معاملہ ہے اس لیے موجودہ وزارت صرف Islamabad Capital Territory تک محدود ہے۔ اس حوالے سے 2023 سے اب تک Islamabad Capital Territory کے 81000 بچوں میں سے 71000 بچے سکول میں واپس لائے گئے ہیں جو کہ 86% شرح بنتی ہے۔ ہمارے ملک کا سب سے بڑا forum Inter-Provincial Minister’s Conference ہے اور اس کے حالیہ اجلاس جو کہ مورخہ 30-05-2023 کو ہوا اس کے ایجنڈے پر اس معاملے کو رکھا گیا اور صوبوں کو اس حوالے سے فعال کردار ادا کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ یہ ایک قابل ستائش پروگرام ہے جو کہ PSDP میں جاری کیا گیا ہے اور وفاق نے تین سال پر مبنی 70 کروڑ مالیت کا ایک منصوبہ منظور کیا ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں مغرب کی اذان سنائی دی)

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب، نماز کا بھی وقت ہو گیا ہے۔براہ مہربانی جلدی سے مکمل کر لیں۔

جناب مرتضٰی سولنگی: میں آخری بات بتا دیتا ہوں، جیسا کہ میں نے آپ کو بتایا کہ وفاق نے 70 کروڑ روپے مالیت کا منصوبہ منظور کیا گیا ہے لیکن باقی ملک کے لیے 25 ارب روپے مالیت کا ایک منصوبہ منظور کیا ہے جو کہ پورے ملک میں out of the school children کی معیاری تعلیم کے لیے خرچ کیا جائے گا۔

Madam Presiding Officer: Thank you. Motion has been talked out.

سینیٹر رضا ربانی صاحب نماز کا وقت ہے، آپ اگر دو منٹ میں بات کر سکیں تو کر لیں ورنہ پھر ہم adjourned کرتے ہیں۔

## Point of Order raised by Senator Mian Raza Rabbani regarding refusal by the President of Pakistan to summon National Assembly's Session, in violation of the Constitution

Senator Mian Raza Rabbani: I will just take two minutes. Madam Chairperson, it is very unfortunate that Constitution of Pakistan is being subjected to terrorism.

پاکستان کے آئین پر جو latest attack ہوا وہ میں سمجھتا ہوں کہ unfortunately ایوان صدر سے ہو رہا ہے۔ گو کہ اس پورے tenure کے اندر ایوان صدر نے مختلف اوقات میں آئین کی خلاف ورزی کی لیکن اب وہ کھلم کھلا Article 91 کی خلاف ورزی کر رہے ہیں، جو یہ کہتا ہے کہ قومی اسمبلی کے الیکشن ہونے کے اکیس روز کے اندر اسمبلی کو summon کرنا ہے and the President is refusing to summon the Assembly. This is an unconstitutional step that the President of Pakistan is taking and from the floor of the House, since he is a part of Parliament under Article 50 of the Constitution, from the floor of the House, I through you, would like to

convey to him کہ وہ آئین کو پامال نہ کریں اور قومی اسمبلی کا ابتدائی اجلاس فوری طور پر summon کریں تاکہ ملک کے اندر جمہوری عمل ایک بار پھر جاری ہو سکے۔ وہ اس طرح نہ صرف آئین کی خلاف ورزی کر رہے ہیں بلکہ democratic system کو بھی derail کرنے کی ایک کوشش کر رہے ہیں۔ ان کو یہ advice under Article 48 of the Constitution Prime Minister نے بھیجی ہے۔ It is a time bound advice, therefore, he has to act in accordance with the advice of the Prime Minister and it is also a Constitutional command that Assembly has to meet within 21 days of the General Elections. Thank you.

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر فیض محمد صاحب آپ کے پاس دو منٹ کا وقت ہے۔ نماز کا وقت نکل رہا ہے۔ یا پھر آپ کل بات کر لیں۔

سینیٹر مولوی فیض محمد: نماز کا کافی وقت رہتا ہے۔ میں بیٹھا ہوں۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کل آرام سے بات کرنا چاہیں گے؟

سینیٹر مولوی فیض محمد: کل پھر یہی وقت کا مسئلہ ہو گا۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں کل ان شاءاللہ آپ کو پورا وقت دیا جائے گا۔ ٹھیک ہے۔ سیف اللہ ابڑو صاحب آپ کو ایک منٹ دے رہی ہوں۔

**Senator Saifullah Abro**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: شکریہ، میڈم۔ بالکل یہ آئین کہتا ہے کہ صدر کو اکیس روز میں قومی اسمبلی کا اجلاس بلانا چاہیے۔ لیکن مجھے خوشی ہو گی کہ میرے دوست جنہوں نے اسے یہاں highlight کیا ہے وہ اگر الیکشن ایکٹ کی Clause 95, sub-clause 10 کو دیکھیں جو یہ کہتی ہے کہ چودہ روز میں الیکشن کمیشن نے Form 45 website پر upload کرنے ہیں۔ آج اٹھارہ روز ہو چکے ہیں، انہیں بھی کوئی تجویز دیں۔ پہلی تو یہ بات تھی۔

دوسرا اگر صدر صاحب نے refuse کیا ہے تو اس کی وجہ کیا ہے؟ ہمارے دوست یہاں یہ بات تو کرتے ہیں لیکن اگر وہ الیکشن کمیشن کو advise دیتے کہ جو خواتین کی مخصوص سیٹیں ہیں، جو ہمارے آزاد امیدوار سنی اتحاد کونسل میں شامل ہوئے وہ ابھی تک کیوں announce نہیں کی

گئیں ہیں۔ اگر آپ انہیں یہ بات بتاتے کیونکہ actually جڑ کہاں ہے۔ یہ جو تین motions آئے ہیں ان تینوں کی جڑ کیا ہے؟ یہاں پاکستان میں rule and regulation تو نہیں ہے۔ پاکستان میں کون سا آئین یا قانون ہے۔

پاکستان میں کون سا آئین ہے؟ جڑ کیا ہے جڑ ہے Election Commission آج CM Sindh elect ہو گئے لیکن ہماری مخصوص نشستیں نہیں آئیں، CM Punjab elect ہو گئے لیکن ہماری مخصوص نشستیں نہیں آئیں۔ KP میں پرسوں اسمبلی کا اجلاس ہے لیکن ہماری seats ابھی تک نہیں آئیں، قومی اسمبلی میں seats ہیں اس پر کوئی کچھ کیوں نہیں کہتا؟

آپ کو پہلے PTI خراب لگتی تھی آپ لوگوں نے election کرا لیے جو بھی results آئے ہیں ان کے حساب سے ہمیں ہماری seats تو دے دیں، اس پر آپ کو کیا تکلیف ہے؟ یہ پہلے کہیں میں commitment کرتا ہوں ربانی صاحب کی میں بہت عزت کرتا ہوں اور ہمیشہ کرتا رہوں گا، اللہ کے واسطے آپ سب Parties Election Commission کو مجبور کریں کہ PTI کی مخصوص seats announce کریں۔ صدر آج رات کو late hours میں ان شاءاللہ House کو بلائیں گے۔

یہ کون سا آئین ہے، کون سا House ہے؟ 18 دن گزر گئے ہیں Election Commission Form 45 upload نہیں کر رہا اصل میں غدار وہ ہے۔ جتنا غصہ صدارتی House پر ہے President Alvi پر ہے اتنا غصہ کاش Election Commission پر بھی کر لیتے تو شاید پاکستان میں اتنے مسائل پیدا نہ ہوتے۔ آپ کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں 23 تاریخ جمعہ کے دن یہاں پر Session تھا میں تقریر کر رہا تھا یہ پارلیمنٹ ہے ہماری کہ ہم تین تین motion لے کر آئے ہیں تین گھنٹے بیٹھ کر اس پر discussion کی ہے، جب میں نے تقریر شروع کی مجھے اس وقت تو پتہ نہیں چلا بعد میں پتہ چلا کہ PTV Parliament نے national dramas لگا دیے تھے۔ اس کی investigation کروائیں اور جو لوگ اس میں ملوث ہیں، مجھے تو حیرت ہے کہ Senate میں اتنا staff بیٹھتا ہے یہ اس کو پتہ نہیں کیوں نہیں دیکھتے، ہمارا Senate staff one way traffic پر چل رہا ہے

ان کو بھی آئین یا قانون کا پتہ نہیں لگتا۔ اس پر actionلیں اس پر privilege motionہونا چاہیے۔

ان کو اس Houseمیں بلائیں کہ جب Parliamentمیں Parliamentariansبات کر رہے ہیں تو آپ کو کیا تکلیف ہے؟ ایک آخری issue.

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: وقت بلکل ختم ہو گیا ہے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آج بہت دکھ کا دن ہے اس سماج کے منہ پر ایک طمانچہ ہے لاڑکانہ کے Session Judge Syed Sharafuddin Shahانہوں نے آج resign کر دیا ہے۔ لاڑکانہ کا ایماندار جج اس نے resign کیوں کیا ہے اس نے لکھا ہے کہ High Courtکے sitting Judge Saleem Jasserاس کی وجہ سے میں نے resignدیا ہے کیونکہ وہ مجھے illegalکام کرنے کے لیے کہہ رہا ہے اور میں وہ کام نہیں کر سکتا۔ میں اس House سے التجا کرتا ہوں ربانی صاحب، منسٹر صاحب بیٹھے ہیں، Pakistan Judicial Commissionہے ان کو یہ matter referکیا جائے۔ اس واقعہ کی inquiryکرائی جائے اور اگر اس جج نے اصل میں resign Saleem Jasserکے دباؤ میں آ کر دیا ہے تو Saleem Jasserکو ہٹایا جائے جس کو casesنہیں ملتے تھے ابھی وہ جج بن گیا ہے اور اس نے judgesکو اتنا مجبور کیا ہے کہ انہوں نے resignکر دیا۔ یہ معاملہ Pakistan Judicial Commissionکو بھیجوائیں تاکہ وہ اس پر actionلیں اور اگر یہ involvedہے تو Saleem Jasserکو ہٹایا جائے اور شاہ صاحب کو واپس بحال کیا جائے۔

Madam Presiding Officer: The House stands adjourned to meet again on Tuesday the 27th February, 2024 at 10.30 a.m.

----------------

*[The House was then adjourned to meet again on Tuesday the 27th Feburary, 2024 at 10.30 a.m]*

----------------